وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا

تصنیف منیف قدوۃ السالکین سراج العارفین

حضرت خواجہ جلال الدین صاحب تھانیسری رحمۃ اللہ علیہ

موسوم بہ "ارشاد الطالبین" کا اردو ترجمہ

اللہ نور السموات والارض

۱۳۴۴ھ

طریق السالکین

مترجم:

صوفی محمد یونس صابری

عفی عنہ

ندوۃ الاصفیاء
تغلق روڈ ملتان

وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا

تصنیفِ منیف قدوۃ السالکین سراج العارفین

حضرت خواجہ جلال الدین صاحب تھانیسری رحمۃ اللہ علیہ

موسوم بہ "اِرشاد الطالبین" کا اُردو ترجمہ

طوالع السالکین

از

محمد یونس صابری

عفی عنہ

ندوۃ الاصفیاء تغلق روڈ ملتان

جملہ حقوق بحق ندوۃ الاصفیاء ملتان محفوظ ہیں

نام کتاب ______ طریق السالکین

مقام اشاعت ______ ملتان

سال اشاعت ______ 2002

تعداد بار اول ______ 500

کمپوزنگ ______ محمد شریف ، ضیاء النبی

مطبع ______

ناشر ______ ندوۃ الاصفیاء تغلق روڈ ملتان

25/-

فہرست مضامین

1 دیباچہ

2 حضرت شیخ جلال الدین تھانسیری

3 طریق السالکین

فصل:- معرفت الٰہی (طریق اور ضروریات) ۶

فصل:- طریقت کی ابتداء ۹

فصل:- طالبان حق کی اقسام ۱۰

فصل:- روحانی بیماریاں اِن کے طبیب اور علاج ۱۲

فصل:- دل کے امراض ۱۴

فصل:- پیران طریقت کے ارشادات ۱۶

فصل:- ذکر کے لیے اکیس زبان ۱۷

فصل:- ذکر نفی اثبات ۱۸

فصل:- صفات سلبیہ' صفات ایجابیہ ۲۲

فصل:- ملاحظہ کلمہ طیبہ ۲۳

فصل:- ذکر سہ پایہ ۲۶

فصل:- اسما صفات' اُمہات صفات ۲۸

فصل :- نزول وعروج، شدومد، تحت وفوق ۲۹
فصل :- پاس انفاس کا مطلب ۳۲
فصل :- شغل باطنی ۳۳
فصل :- تلقین اسمائے حسنیٰ ۳۳
فصل :- اذکار اثبات، ذکر حدادی ۳۵
فصل :- ذکر پاس انفاس
فصل :- مراقبہ، محاسبہ، مواعظمہ، فکر ۳۸
فصل :- ذکر میں ذاکر کے مقام ۵۱
فصل :- استغراق، ذکر ۵۲
فصل :- اقسام طالبان
فصل :- انسانوں کی اقسام ۵۴
۴ تقریظ از خواجہ شاہ غلام حسینؒ چشتی، صابری حیدرآباد دکنی ۵۷
۵ قطعہ، تاریخ طباعت ۵۸
۶ شجرہ طریقت خواجگان چشتی صابری ۵۹
۷ ارشاد الطالبین (۳۶-۱) اصل نسخہ ۶۰

دیباچہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلّی علی رسولہ الکریم

حضرات مشائخ چشت اہل بہشت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور ان میں حضرت مخدوم علاؤ الدین علی احمد صابر رحمتہ اللہ علیہ سے جاری شاخ کے عمائدین کو ذکروفکر کے جو طریقے بزرگان سلف سے پہنچے جن پر انہوں نے خود عمل کیا اور اپنے سلسلہ کے طالبین کو سکھائے اس طریقہ سے انہیں تزکیہ نفس کی دولت نصیب ہوئی وہ لوگ اعلیٰ مقامات ولایت پر پہنچے روحانیت سے اس خانوادہ میں قطب العالم حضرت عبدالقدوس گنگوہی رحمتہ اللہ علیہ نے جو کمال حاصل کیا وہ سب پر روز روشن کی طرح عیاں ہے ان سے فیض یافتہ حضرت جلال الدین تھانیسری نے اس طریق پر عمل کیا اور فنا کی منازل عبور کیں انہوں نے طالبین پر یہ احسان کیا کہ اپنے تمام اسباق کو کتابی شکل دے دی سلسلہ چشتیہ صابریہ کے طالبین کو بتایا کہ میں نے اپنے شیخ کامل سے ذکروفکر کے زبانی اور عملی اسباق حاصل کیے ہیں ان پر میرے شیخ کو مکمل عبور حاصل تھا انہیں میں نے خود آزمایا ہے یہ سالکین طریقت کے لیے نہایت مجرب نسخہ ہیں۔

حضرت جلال الدین تھانیسری رحمتہ اللہ علیہ نے یہ کتاب اپنے زمانہ کی علمی زبان فارسی میں لکھی تھی۔ کئی سال قبل اس فقیر کو برادرم پیر خلیفہ محمد الیاس صابری صاحب نے لاہور میں دکھائی تھی جو 1965ء میں حضرت مولانا محمد حسین صابری مراد آبادی رحمتہ اللہ علیہ کے خلیفہ جناب حبیب الرحمان برق صاحب نے لاہور میں باذوق اصحاب کے افادہ کے لیے چھپوائی تھی۔ یہ ان کے کتب خانہ میں موجود کتاب کی نقل (As it is) تھی۔

ستمبر 2000ء میں میرے ہی ہم نام دوست جناب محمد یونس صابری لطفی میرٹھی صاحب نے مجھے اسی کتاب کا ایک نسخہ دیا جو 1327ھ میں حضرت محمد حسین چشتی صابری مراد آبادیؒ کے حکم پر امرت سر میں چھاپا گیا اس کے متعلق انہوں نے زبانی بتایا کہ میں مراد آباد (بھارت) حضرت مولانا محمد حسین چشتی صابری کے دولت خانہ پر حاضری دی حضرت کی اولاد سے ملاقات ہوئی انہوں نے مجھے اور پاکستان میں رہنے والے چشتی صابری سلسلہ سے منسلک اصحاب کے لیے یہ کتاب عنایت کی اس عنایت پر میں ان کا شکر گزار ہوں۔

زبان یار من ترکی و من ترکی نمی دانم

پاکستان بلکہ برصغیر پاک وہند میں اس وقت فارسی پڑھنے سمجھنے اور بولنے والوں کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر بھی نہیں۔ تقریری محفل تو درکنار، محفل سماع، محفل نعت میں بھی فارسی زبان کو کوئی اہمیت حاصل نہیں کیونکہ مفہوم سمجھنے والوں کی تعداد کم ہے۔

ضرورت محسوس کرتے ہوئے برادرم جناب خلیفہ محمد الیاس صابری صاحب لاہور جناب محمد یونس صابری اللّٰہی میرٹھی صاحب ملتان نے حکم فرمایا کہ اس کتاب کا اردو ترجمہ ہونا چاہیے تاکہ صابری سلسلہ کا یہ فیض آج کل کی نوجوان نسل کو پہنچ جائے۔

حکم کا قرعہ اس فقیر کے نام نکلا مجھے علم ہے کہ ظلوما جہولا ہوں تاہم مجھے اپنے شیخ کریم حضرت منظور المشائخ صوفی منظور احمد صابری رحمتہ اللہ علیہ کا فرمان یاد ہے "تم سے سلسلہ کے لیے قلمی خدمت لی جائے گی"۔ اس فقیر نے اپنی کم علمی کے باوجود اپنے شیخ کریم کا حکم نبھانے کے لیے اس کام کو اپنے ذمہ لیا۔

دوران ترجمہ کوشش کی گئی ہے کہ حضرت جلال الدین تھانیسری رحمتہ اللہ علیہ کا بیان کردہ مفہوم قائم رہے اور ترجمہ آج کل کے معیار کے مطابق سلیس اور عام فہم اردو زبان میں ہو جائے۔

اصل کتاب ترجمہ کے بعد شامل کردی گئی ہے حضرت جلال الدین تھانیسری رحمتہ اللہ علیہ نے اس کتاب کا نام "ارشاد الطالبین" رکھا ہوا ہے۔ ترجمہ کا نام **"طریق السالکین"** تجویز کرتا ہوں۔

اصل کتاب میں حضرت جلال الدین تھانیسری کے حالات زندگی درج نہیں وہ اس فقیر نے مختلف کتب سے حاصل کر کے شامل کردیئے ہیں۔

انسان خطا کا پتلا ہے اس کام کے دوران نادانستہ اگر کوئی خامی رہ گئی ہے تو یہ اس فقیر کی بھول اور غلطی ہے۔ صاحب ذوق فارسی دان اگر کہیں کوئی خامی محسوس کریں تو اس فقیر کو آگاہ فرمادیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں درستی کردی جائے۔

محمد یونس صابری
ندوۃ الاصفیاء تغلق روڈ ملتان شہر
یکم محرم الحرام ۱۴۲۲ھ
27 مارچ 2001ء بروز منگل

حضرت شیخ جلال الدین تھانیسری رحمتہ اللہ علیہ

آپؒ قطب العالم شیخ عبدالقدوس گنگوہی کے مرید اور خلیفہء بزرگ تھے۔ تمام علوم ظاہری اور باطنی کے جامع تھے۔ بڑے مرتاض اور عبادت گزار تھے۔ اٹھارہ سال بعد آپؒ کے مجاہدات مشاہدات میں تبدیل ہو گئے اور حقیقی فتح باب نصیب ہوا۔ اس کے بعد شیخ عبدالقدوس گنگوہی قدس سرہ کے تمام احوال واستغراق آپ کے اندر منتقل ہو گئے اور ایک جہاں آپ سے فیض یاب ہوا جن میں سے اکثر مرتبہ تکمیل وارشاد کو پہنچے۔ استغراق اور ذوق سماع کے باوجود آپ ہر قسم کی عبادت اور آداب شریعت کے سختی سے پابند تھے۔ گویا آپؒ جامع شریعت وطریقت تھے۔ 80 سال تک آپ روزانہ ایک ختم قرآن کرتے رہے اس طرح آپ کے کمالات عیاں تھے۔ تاریخ اقبال نامہ جہانگیری میں درج ہے کہ جب جلال الدین محمد اکبر بادشاہ 989ھ میں اپنے بھائی محمد حکیم مرزا کی بغاوت فرو کرنے کے لیے دو محرم کو پنجاب آیا تو تھانیسر میں پڑاؤ کیا۔

بادشاہ شیخ جلال الدین کی خانقاہ میں حاضر ہوا کافی دیر تک حقائق اور معارف پر گفتگو ہوئی۔ آخر میں بادشاہ کے اشارے پر شیخ ابوالفضل نے حضرت شیخ جلال الدینؒ سے دریافت کیا "درد عشق کی دوا کیا ہے اور منزل مقصود پر پہنچنے کے لیے سب سے چھوٹا راستہ کون سا ہے"

یہ سن کر حضرت جلال الدین تھانیسری پر گریہ طاری ہو گیا اور اس سوال کا جواب عملاً دیا نیز یہ شعر پڑھا۔

آہ استغنائے دلبر آہ آہ   کز تعظیم بست بر کونین راہ

محبوب کی بے نیازی اور بے پروائی پر بہت افسوس ہے اپنے ادب رعب اور جلال کی وجہ سے اپنی طرف آنے کا راستہ بند کر لیا ہے۔ یعنی تعظیم، رعب وجلال کی وجہ سے عاشق نزدیک نہیں پھٹک سکتے۔

حضرت جلال الدین تھانیسری اپنے زمانہ کے متبحر عالم تھے انہیں اسلامی امور اور اسلامی طرز زندگی پر مکمل عبور اور غور وفکر کا کلی ملکہ حاصل تھا۔ انہیں اسلامی معیشت پر

مہارت حاصل تھی معاملات کا حل مکمل غور وفکر کے بعد عوام کے مفاد میں فرماتے بعد میں آنے والے محققین اپنی تحریروں میں آپ کے رسائل اور کتب کا حوالہ دیتے ہیں۔

"تحقیق اراضی ہند" کے نام سے آپؒ نے ایک مستقل رسالہ تصنیف فرمایا۔ اس میں درج آپ کے نظریہ کی تائید مولانا محمد علی تھانوی شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نے بھی کی۔ یہاں تک موجودہ دور کے مصنفین و محققین بھی اس کی تائید کرتے ہیں۔

آپ کے تحریر کردہ مذکورہ رسالہ کا قلمی نسخہ برٹش میوزم میں بتایا جاتا ہے اسکے حوالے موجودہ دور کی کتب "اسلام کا اقتصادی نظام" اور "اسلام کا نظام اراضی" میں بکثرت درج ہیں۔

ارشاد الطالبین تحریر کر کے آپؒ نے روحانی چشمہ جاری فرمایا ہے۔ جس سے سلسلہ چشتیہ صابریہ سے منسلک اصحاب کے علاوہ دیگر مسلمان بھی فیض یاب ہورہے ہیں۔ تھانیسر (کوروکشیتر) دہلی کے قریب ہے۔ حضرت نے پچانوے سال کی زندگی اسی علاقہ میں تعلیم وتبلیغ میں گزاری اور ۱۴ ذی الحجہ ۹۸۹ھ ہجری کو وصال فرمایا حضرت عبدالقدوس گنگوہی فرماتے ہیں کہ اگر حق تعالیٰ مجھ سے سوال کرے گا کہ کیا لایا ہے تو میں جلال الدین اور رکن الدین کو پیش کروں گا۔

الٰہی تابود خورشید و ماہی
چراغِ چشتیاں را روشنائی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَعْطَی الطَّالِبِیْنَ شَوْقَ لِقَائِہٖ وَاَیَّدَ لِلْمُشْتَاقِیْنَ ذَوْقَ رِضَائِہٖ وَالَّذِیْ جَعَلَ ذِکْرَہٗ اَعْلٰی حَیْثُ قَالَ فِیْ کَلَامِہِ الْمَجِیْدِ وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ وَخَیْرَہٗ وَسِیْلَۃً اِلٰی اِنْجِلَاءِ الْقَلْبِ حَیْثُ قَالَ حَبِیْبُہُ الْمُجْتَبٰی لِکُلِّ شَیْئٍ مِصْقَلَۃٌ وَمِصْقَلَۃُ الْقَلْبِ ذِکْرُ اللّٰہِ تَعَالٰی ص۲ وَالصَّلٰوۃُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْمُصْطَفٰی مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ اَرْسَلَہٗ بِالْھُدٰی مُبَیِّنًا مَنَاہِجَ الْوُصُوْلِ لِلزُّوَّارِ بِالْمِلَّۃِ الْحَنِیْفِیَّۃِ الْبَیْضَاءِ وَالسُّنَّۃِ الشَّرِیْفَۃِ الزَّھْرَاءِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہِ الَّذِیْنَ اَسَّسُوْا قَوَاعِدَ الدِّیْنِ وَعَلٰی اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ

اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی امداد سے اس فقیر وحقیر جلال الدین محمود تھانیسری نے ذکر واذکار کے مضامین پر یہ رسالہ موسومہ "ارشاد الطالبین" تالیف کیا ہے۔

ان اذکار کو حضرت مرشد الحق والحقیقت اہل اللہ میرے شیخ کریم ومرشد قطب الاقطاب شیخ المشائخ حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہی حنفی چشتی صابری مَتَّعَ اللّٰہُ الطَّالِبِیْنَ بِطُوْلِ بَقَائِہٖ نے دین دار اہل یقین کو سمجھایا ہے۔

میں نے ان سب کو جمع کر کے طالبان صادق کو فائدہ پہنچانے کی غرض سے لکھا ہے تاکہ وہ اس فقیر کو فاتحہ میں یاد رکھیں۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ

نمبر 1) ہر چیز کے لیے ایک صیقل (صفا کرنے والی چیز) ہے اور اللہ تعالیٰ کا ذکر دل کے لیے صیقل کا کام کرتا ہے۔

لمصحی سلمہ اللہ تعالیٰ بقاہ واعطاہ مایحب ویرضی آمین

آپ بھی اِس (1) وَفَقَكَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی طَلَبِهٖ وَاَوْصَلَكَ اِلٰی مَعْرِفَتِهٖ

اللہ تعالٰی جل جلالہ کی ذات کی معرفت طلب محبت تمام مقاصد اور منتہائے مقاصد کے لیے سرمایہ ہے۔ انسان کی تخلیق کا مقصد بھی عرفان الٰہی ہے۔ ص ۳

(۲) وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ يعنى لِيَعْرِفُوْنِ

(وہ پہچان لیں) مخفی کرتے ہیں حضرت داؤد علیہ السلام نے التجاء کی

(۳) اِلٰهِی لِمَاذَا خَلَقْتَ الْخَلْقَ

اے اللہ تعالٰی آپ نے مخلوق کو کیوں پیدا فرمایا جواباً حکم ملا

(۴) كُنْتُ كَنْزًا مَخْفِيًا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ لِاُعْرَفَ

یعنی مخلوق کو میں نے اپنی پہچان کے لیے پیدا کیا تاکہ وہ میری پہچان کر لیں اور پھر میری طرف متوجہ ہوں

پیارے! جس کو اللہ تعالٰی کی شناخت (عرفان) کی سعادت دی گئی اور معرفت حق تعالٰی جس کے نصیب میں ہے اس کو دیگر خلائق میں سے منتخب کر لیا ہے۔ تمام دولت اور نعمتیں اس تک پہنچ جائیں گی کیونکہ (۵) مَنْ لَهُ الْمَوْلٰى فَلَهُ الْكُلُّ

اور جس سے یہ نعمت ضائع (فوت) ہو گئی اسے کچھ نہ ملے گا۔ اس کی قسمت میں افسوس اور خسارہ ہے کیونکہ (۶) مَنْ فَاتَهُ الْمَوْلٰى فَاتَهُ الْكُلُّ ؎

آنکس ترا نه دید-اوهیچ نه دید+ آنکس ترا نیافت اوهچ نیافت

جس نے تجھے نہیں دیکھا اس نے کچھ نہیں دیکھا جس نے تجھے نہیں پایا اس نے کچھ نہیں پایا

---

(۱): اللہ تعالٰی آپ کو طلب کی توفیق عطا فرماوے اور اپنی معرفت عطا فرماوے

(۲): جن و انس کو پیدا کرنے کا منشا صرف عبادت الٰہی ہے (سورہ ذاریات) پارہ ۲۷ کی طرف اشارہ ہے۔ یعنی جن و انس اپنی عبادت کے لیے پیدا کیئے

(۳) مخلوقات کس لیے پیدا کیا (۴) میں مخفی خزانہ تھا میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں میں نے مخلوق کو اس لیے پیدا کیا کہ شناخت کیا جاؤں پس میں نے مخلوق کو پیدا کیا (۵) جس کا اللہ تعالٰی ہے اس کے لیے سب کچھ ہے (۶) یعنی جس سے اللہ تعالٰی فوت ہوا اس سے ہر چیز فوت ہو گئی۔ جس نے اسے نہیں دیکھا اس نے کچھ نہیں دیکھا اور کچھ نہیں پایا۔

سمجھ لیں کہ اللہ تعالیٰ کا راستہ مشرق' مغرب' جنوب' شمال' زمین و آسمان بلکہ بہشت وعرش میں نہیں

اللہ تعالیٰ کا راستہ آپ کے اپنے اندر[1] میں ہے۔ [2] وَفِىٓ اَنۡفُسِكُمۡ اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ

اس کلام کا اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا راستہ قدم کی بجائے دل کے ذریعہ ملتا ہے کیونکہ [3] اعضائے جسمانی کا کام معرفت کی بجائے عبادت ہے۔

[4] لَا يَسَعُنِىۡ اَرۡضِىۡ وَلَا سَمَائِىۡ وَلٰكِنۡ يَسَعُنِىۡ قَلۡبُ عَبۡدِى الۡمُؤۡمِنِ

اس بھید کی نشان دہی قَلۡبُ الۡمُؤۡمِنِ عَرۡشُ اللّٰهِ تَعَالٰى کے یہی معنی ہیں اور وہ دل ہی ہے جو غیر اللہ سے خالی ہے اور ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی یاد میں جاری ہے۔ وہ دل جو ماسویٰ اللہ مشغول ہے وہ شیطان کا گھر ہے۔

ص ۴

دل کا منظر صرف رحمانی ہے شیطان کے گھر کو کیونکہ دل کہا جائے

حق کے طالب پر طلب کا حکم واجب ہے کسی ایسے ساتھی کی خدمت کرے جو اس راہ سے گزرا ہو۔ جو اس راہ کے نشیب وفراز سے واقف ہو نیز شریعت وطریقت وحقیقت ومعرفت کا مقتدی رہا ہو ایسا مرشد کامل' طالب صادق کی راہنمائی کرتا ہے اور طالب صادق اس [5] مرشد کامل کی تربیت کے بعد مہذب با افعال اور اخلاق حمیدہ کا پیکر ہو جاتا ہے۔

[6] وَقَالَ اللّٰهُ وَابۡتَغُوۡۤا اِلَيۡهِ الۡوَسِيۡلَةَ

[7] وَقَالَ عليه السلام اَلرَّفِيۡقُ ثُمَّ الطَّرِيۡقُ

رهبرے جو که دریں وادیه هر سو راه است
مرد سر گشته چه داند که کجا باید رفت

ترجمہ:- اس وادی میں ہر سمت راہ دکھائی دیا ہے بھولا ہوا آدمی نہیں جانتا کہ راستہ کدھر ہے اس لیے راہبر کی ضرورت ہے چنانچہ راہبر تلاش کرنا چاہیے۔

مرشد کی طول ہمت اس کے افعال احوال اخلاق جاننے اور ان پر عمل کرنے اور مسلسل کرتے رہنے سے ہی ہدایت نصیب ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی توفیق سے آہستہ آہستہ اس کی درگاہ کے لائق اور زمانے کا مقتدا ہو جاتا ہے۔

حاشیہ صفحہ ۷

(۱) حضرت خواجہ بزرگ فرماتے ہیں کہ وہ جو کچھ دیکھتے ہیں اور سمجھتے ہیں اپنے میں ہی دیکھتے اور سمجھتے ہیں۔ (۲) سورۃ الذاریات پارہ نمبر ۲۶ کی آیات کا اشارہ ہے یعنی آپ کے نفوس (اجسام) میں چھپا ہے کیا تم نہیں دیکھتے (۳) انسان کے ہاتھ پاؤں اور جسم کے دوسرے اعضا (۴) لا یسعنی حدیث قدسی کی طرف اشارہ ہے جس کا ذکر امام غزالی نے احیاء العلوم میں کیا ہے حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ زمین اور آسمان میں میرے لیے وسعت نہیں مگر میرے بندہ مومن کے دل میں اتنی وسعت ہے کہ میں اس میں سما جاتا ہوں

اقوال سے انسان میں اہمیت مرائیت مرجع اسمائے صفات بلکہ تجلیات ذاتیہ کی طرف اشارہ ہے اور طبرانی کی تائید کرتے ہوئے کہتا ہے۔

ان اللہ آنیة من الارض آنیة ربکم قلوب عبادہ الصالحین یعنی اللہ تعالیٰ ظرف (برتن) ہیں زمین وآسمان کے اور اللہ تعالیٰ کا ظرف بندگان صالحین کا دل ہے۔

نظرے بسوئے خود کن کہ تو جان دلربائی　　مفگن بخاک خود راکہ نواز بلند جائی
توز چشم خود نہانی تو کمال خود چہ دانی　　چوں دُر از صدف بروں آکہ تو بس گرانبہائی

اپنے آپ کو پہچان تو اونچے مقام کا ہے خاک میں نہ ڈال تو اپنے سے ناواقف ہے موتی کی طرح صدف سے باہر آ کر اپنی قیمت دیکھ۔

(۵) سائہ یزداں بود بندہ خدا　　مردۂ ایں عالم و زندہ خدا
دامن اوگیر زودتر بے گماں　　تا رھی از دامن آخر زماں
فقر خواہی آں ز صحبت حاصل است　　نے زبانت کارمی آید نہ دست
دانش انوار است در جان رجال　　نے ز راہ دفتر نے ز قیل وقال

یہ عالم ناپائیدار ہے اور اللہ تعالیٰ حی قیوم ہے اور بندۂ خدا میں اس کا جلوہ ہوتا ہے۔ قیامت کی ہولناکی سے بچنے کے لیے اسکا (بندۂ خدا کا) دامن پکڑلو۔ فقر اس کی صحبت سے ہی ملے گا زبان اور ہاتھ سے نہیں ملتا۔ اس کی وجہ سے عوام میں عقل کی روشنائی ہے جو کتابوں اور قیل وقال سے نہیں ملتی۔

سورۂ مائدہ پارہ نمبر 6 کی طرف اشارہ ہے۔

(۶) یاایھا الذین امنو اتقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ وجاھدو فی سبیلہ لعلکم تفلحون

یعنی اے مومنین اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اس کی طرف وسیلہ طلب کرو اور اس کے راستہ میں جہاد کرو شاید تمہاری نجات ہوجائے۔ سمجھ لیں وسیلہ سے مراد مرشد کامل ہے کیونکہ اس سے قبل ایمان اور اعمال صالحہ اور نواہی سے بچاؤ کا ذکر ہے۔

(۷) چشمھا را چار کن در اعتبار　　یار کن با چشم خود در چشم یار
سرِ ھُم شوریٰ بخواں اندر صحف　　یار راباش ومکن از ناز اُف

فصل

سمجھ لیں کہ اس راستہ کی ابتداء شریعت ہے چنانچہ جملہ فرائض، واجبات، سنن مستحب اور آداب بجالائیں نیز اپنی خوراک، رہائش اور اپنے جسم کو حلال (۱) حرام اور مشتبہات، ناپاکی وحدث و جنابت سے پاک رکھیں اپنے حواس خمسہ (۲) کو معصیت (۳) کی آلودگی سے (نگرانی کریں) بچائیں یہی چیز جوارح (اعضائے جسمانی) کی گناہوں سے طہارت کہلاتی ہے اور یہی تمام باتیں شریعت (۴) ہیں۔

اس کے بعد طریقت کا راستہ ہے کہ انسان اپنے دل کو برے اخلاق مثلاً دنیا کی محبت، شہوت سے لگاؤ، حسد، کینہ، کبر، لالچ، بغض، بخل وغیرہ سے پاک رکھے اور صفات حمیدہ مثلاً صدق وصفا، حلم وسخاوت، مروت، وفا، احسان مخلوق سے اچھا سلوک اور صدق معاملہ سے آراستہ ہو جائے اس کو گردش کہتے ہیں اور اسے تبدیل اخلاق سمجھیں یہ بہت بڑی بات ہے کیونکہ اس کے بغیر دین کی دولت نصیب نہیں ہوتی۔ اور بے دین راہ حق پر نہیں چل سکتا۔ نیز اس کام میں عزلت اور خلوت کی ضرورت ہے تاکہ ان اعمال میں تسلسل آجائے اور ان میں خلل واقع نہ ہو۔ (۵) ص ۵

سخن باکس مگو الا ضرورت + خلل تا در نیفتد در حضورت

کسی سے بلا ضرورت بات نہ کرو ایسا نہ ہو کہ آپ کے مقام حضوری میں گڑبڑ ہو جائے۔ اس کے بعد راہ حقیقت اور معرفت ہے وہ تو عارفین کے سینوں کا بھید ہے۔ اس کی وہی خبر دیتے ہیں یہی شریعت اور طریقت کا مطلب ہے۔ جو مغز ہے اور وہ اس کا چھلکا ہے۔ (۶)

حقیقت راہ حق سر نہانست + درون جان وبیرون از جہاں است

حقیقت ایک چھپا ہوا بھید ہے ہماری جان کے اندر ہے مگر دنیا سے باہر ہے۔

---

(۱): سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال ظاہر ہے اور حرام ظاہر ہے ان دونوں کے درمیان مشتبہات ہیں بہت سے لوگ انہیں نہیں جانتے جس نے دین پاک کرنے کے لیے ان سے پرہیز کیا عزت پائی جس نے مشتبہات اختیار کیے وہ حرام میں جا پڑا

(۲) یعنی آنکھیں، کان یا چھونے یا سونگھنے کی قوت سے (۳) گندگی (۴) شریعت ظاہری

(۵) قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حب الدنیا راس وکل خطیئۃ یعنی دنیا کی محبت تمام خطاؤں کی جڑ ہے۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صمت نجا۔ یعنی جس نے خاموشی اختیار کی اس نے نجات حاصل کر لی آفات دنیا و آخرت سے محفوظ رہا

(۶) وہ یعنی ظاہری شریعت اور راہ طریقت چھلکا کی مانند ہے اور معرفت ایسے ہے جیسے مغز

فصل

سمجھ[1] لیں! طالبانِ حق تین طرح کے ہیں 1-عُبادِ اخیار 2- زہادِ ابرار 3-عُشاقِ شطار ان میں سے ہر ایک کا اپنا طریقہ ہے عبادِ اخیار بہت مدت میں اس تک پہنچتے ہیں نمبر 2: زاہدین اس سے کم مدت میں منزل پر پہنچتے ہیں نمبر 3: عُشاقِ شطار ان سے بہت کم مدت میں اس مرتبہ تک پہنچتے ہیں۔

---

[2] وَالْفَضْلُ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ مگر عُشاقِ شطار کی رمز الگ ہے ان کی سیر ایسی ہے جو زُہاد سے الگ ریاضت سے دور ہوتی ہے اور کشف و کرامات کو جو کے بدلے بھی نہیں لیتے

[3] اَلْعَابِدُوْنَ مَحْجُوْبُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَالْعَامِلُوْنَ بِعَمَلِهِمْ وَالزَّاهِدُوْنَ بِزُهْدِهِمْ وَاَهْلُ الْكَرَامَاتِ بِكَرَامَتِهِمْ

عُشاق ان منزلوں پر ٹھہرنا پسند نہیں کرتے' کسی چیز اور معاملہ میں مقید نہیں ہوتے وہ اُڑتے ہوئے دوڑتے ہوئے ہر معاملہ میں جانباز اور جاں باز ہوتے ہیں۔ عبادت' زہد تقویٰ اور ریاضت سے احتراز کرتے ہیں ان کو گھٹیا (کم تر) سمجھتے ہیں تاہم اپنا خون پیتے ہیں اور گم ہو جاتے ہیں۔ (یعنی ہر دم دل و دماغ سے خیالِ یار میں محو رہتے ہیں) اور موت[4] سے پہلے مر جاتے ہیں اس طرح حق (اللہ تعالیٰ) تک رسائی حاصل کر لیتے ہیں۔ اس مقام پر (یہ سن کر) اکثر سلوک کے مدعی اور جاہل صوفی بھول گئے ہیں اور راستہ سے بھٹک[5] گئے ہیں اَلْعِيَاذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذٰالِكَ

---

(۱) طریق سلوک کی کوئی انتہا نہیں۔ طالبانِ حق کی طبائع مختلف قسم کی ہوتی ہیں اور شیخ کہ طبیب دل ہے مرید کے مرض کے مطابق علاج کرتا ہے یہاں فرمایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف راستے تعداد میں انفاس خلائق جتنے ہیں لیکن یہ تین راستے ان میں سب سے زیادہ قریب ہیں۔ اول عباد اخیار سے مراد صوم صلوٰۃ حج و جہاد اس راہ کے راہ رو بہت دیر سے منزل پر پہنچتے ہیں دوسرا راستہ زہاد ابرار کا ہے جو اخلاق ذمیمہ کو اخلاق حمیدہ میں تبدیل کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو وہ پہلے سے تھوڑے زمانہ میں منزل پر پہنچتے ہیں تیسرا راستہ تزکیہ نفس اور تصفیہ قلب اور تجلیہ روح میں مشغول ہونا ہے اس کو مصنف نے طریق اجمالی فرمایا ہے

(۲) یعنی فضل اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے۔ (۳) عبادت کرنے والے عبادت کے حجاب میں ہیں عمل کرنے والے اپنے عمل اور زاہد اپنے زہد اور اہل کرامت اپنی کرامت کے حجاب میں ہیں مگر حق تعالیٰ کے عاشق ان مقامات میں ٹھہرنا پسند نہیں کرتے بلکہ ان مقامات سے ترقی کرتے ہیں۔ (۴) مرنے سے پہلے مرنا

(۵) انہوں نے خیال کیا ہے کہ ان مراتب پر شریعت کی منزل طے کیے بغیر پہنچ گئے ہیں اور خود کو شریعت سے باہر کر لیا ہے۔ وہ یہ نہیں سمجھے کہ شریعت کشتی ہے کہ اس کے بغیر حق تعالیٰ کی معرفت ملنا ناممکن ہے محال است سعدی کہ راہ صفا + تواں رفت جز در پے مصطفی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے راستہ شریعت پر چلے بغیر تصوف کا راستہ ناممکن ہے۔

(۱)
رُوِیَ عَنِ السَّلَفِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ اِنَّمَا حُرِمُوا الْوُصُوْلَ لِتَضْیِیْعِھِمُ الْاُصُوْلَ وَالْاُصُوْلُ رِعَایَۃُ الشَّرِیْعَۃِ وَالطَّرِیْقَۃِ

ص ٦

اور بتایا گیا
(۲)
تِلَاوَۃُ الْقُرْاٰنِ وَالْاِشْتِغَالُ بِالْعُلُوْمِ الشَّرْعِیَّۃِ اُمُوْرٌ حَسَنَۃٌ وَلٰکِنْ شَانَ لِطَالِبِ شَانٌ

آخر کہا گیا کہ طالب حق فرائض اور سنن کی ادائیگی کے بعد شغل باطن پر انحصار کرتا ہے۔ طریق زہاد کی طرح جسمانی اعمال اور نوافل کی ادائیگی پر زور نہیں دیتا۔

مارا نہ مرید ورد خواں می باید — نہ زاھدے حافظ قرآں می باید
صاحب درد وسوختہ جاں می باید — آتش زدہ بخانماں می باید

ہمیں اور اوپڑھنے والا مرید اور حافظ قرآن زاہد نہیں چاہیے بلکہ صاحب دل ایسا ہو جس نے اپنے گھر کو آگ لگا کر اپنے آپ کو جلا رکھا ہو۔

اَلتَّوَجُّہُ اِلَی اللّٰہِ وَالْاِعْرَاضُ عَمَّا سِوَی اللّٰہِ

اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ اور اس کے سوا ہر طرف سے قطع تعلق گروہ شطاریہ کا طریق ہے۔

اَللّٰہُ وَلَا سِوَاہُ ان کا ورد ہے۔
ان (درویشوں) کا ورد اللہ کے سوا کچھ نہیں۔

اللہ بس است عاشقاں را (عاشقوں کو اللہ کافی ہے)

یہ راستہ نہ ہونا نیچا ہونا اپنی ہستی اور خودی کو مٹانا (درمیان سے ہٹانا) ہی یہی راستہ ہے۔

در راہ بالوئے عدم می زند — کیست دریں راہ قدم می زند

کون ہے جو اس راستہ میں قدم رکھتا ہے اس راستہ میں چلنے والے کا قدم کونین پر پڑتا ہے۔

---

(۱) قولہ روی عن متقدمین اسلام روایت کرتے ہیں کہ لوگ وصول حق سے اس لیے محروم رہے کیونکہ انہوں نے وصول حق کے قواعد اور اصول ضائع کر دیے اور قواعد قانون وصل حق اللہ شریعت حقہ کی پیروی کرتا ہے اور حقیقت صادقہ کی پیروی کرتا ہے

(۲) تلاوت قران اور درس تدریس علوم شریعہ بہترین کام ہیں لیکن طالبان کا کام الگ کام ہے۔

فصل

آپ یہ بات سمجھ لیں کہ مخلوق (انسان) کو دکھ اور بیماری میں مبتلا سمجھیں اور پیغمبران حکیم اور طبیب حاذق اور دواؤں معجون اور قسم قسم کے شربتوں کا خزانہ قرآن مجید ہے اور مخلوق کی بیماری بھی قسم قسم کی ہے۔ (۱) قال اللہ تعالیٰ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ۔ (۲) وَمَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِن شَيْءٍ (۳) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ اب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ خاتم النبین ہیں آپ کے بعد پیغمبری کا سلسلہ ختم ہوگیا ہے ان کے بعد علماء ہیں جو پیغمبروں کے وارث ہیں۔ قال اللہ تعالیٰ (۴) وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وقال علیہ السلام (۵) اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْأَنْبِيَاءِ وَعُلَمَاءُ أُمَّتِي كَأَنْبِيَاءِ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَمَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَلَهُ نَظِيرٌ مِنْ أُمَّتِي

ص ۷

ان سب سے مراد علمائے آخرت ہیں۔ علمائے دنیا تو تعالیٰ شان وشوکت کے خواہش مند اور جھگڑالو ہیں ان کی کوشش اپنی ہمت کی بجائے دوسرے کے کام پر ہوتی ہے ان کا خیال طلب حق نہیں۔

کسی نے کیا خوب کہا ہے

راہ زو مشغولی عالم ترا — نیست پرواہ خدا ایک ترا

اور جو دنیا داروں سے (مخالطت) بہت زیادہ گھل مل جاتے ہیں

---

(۱) پارہ نمبر ۷ سورہ انعام یعنی ہر خشک اور تر چیز کا قرآن مجید میں ذکر ہے۔
(۲) ہم نے کتاب سے کوئی چیز نہیں چھوڑی۔ انعام پ ۷ (۳) ہم قرآن مجید سے وہی نازل کیا جو مسلمانوں کے لیے شفا اور رحمت ہے۔ (۴) اور ہم نے ان سے ایک جماعت (گروہ) جو دین حق کے لیے دلائل دیتا ہے۔ (۵) علماء پیغمبروں کے وارث ہیں میری امت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء کی مانند ہیں کوئی نبی ایسا نہیں اس مثال میری امت میں موجود ہے یعنی تبلیغ احکام شرعیہ دین کی ترویج خلق کی ہدایت اور اللہ تعالیٰ کی طرف بلانا مقصد ہے ورنہ سمجھ لیں دونوں میں مساوات لازم نہیں۔

ان کے لیے حکم یوں ہے۔ (۱) اَلْعُلَمَاءُ اُمَنَاءُ اللّٰهِ

فِي الْاَرْضِ مَالَمْ يُخَالِطُوا الْمُلُوْكَ فَاِذَا خَالَطُوْهُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ هُمْ

شِرَارُ الْخَلْقِ لُصُوْصُ الدِّيْنِ وَقُطَّاعُ الطَّرِيْقِ وقوله تعالٰى (۲) مَثَلُ الَّذِيْنَ

حُمِّلُوا التَّوْرَاةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا

یہ ایسے ہی لوگوں کے لیے اشارہ ہے۔

علم کان بہر کاخ و باغ بود   همچو مر دزد را چراغ بود

حصول دنیا کے لیے علم ایسا ہے جیسے چور کو روشنی کا چراغ مل جائے یہ سمجھ لینا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ دل سے طے ہو سکتی ہے اور انسان میں ایک ہی دل ہے

(۳) مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ

دل میں اللہ یا دنیا میں سے ایک ہی چیز آئے گی اس میں دو چیزیں نہیں سما سکتیں ٹھیک ہی کہا گیا ہے۔نہ جانے دو دارم نہ یارے دگر   خیال تو دارم نہ کارے دگر

نہ دو دل ہیں نہ ہی کوئی اور دوست صرف آپ کا خیال ہر دم ہے اور کوئی کام نہیں

(۴) وَقَدْ وَرَدَ فِي الْاَخْبَارِ اَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى اِلٰى دَاؤُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

يَا دَاؤُدُ اِنْ كُنْتَ لِيْ فَلَا تُحِبِّ الدُّنْيَا فَاِنَّ حُبِّيْ وَحُبَّهَا لَا يَجْتَمِعَانِ

فِيْ قَلْبٍ وَاحِدٍ وَابْغَضِ الدُّنْيَا فَاِنَّهَا حِجَابٌ مُبْعِدٌ عَنِ اللّٰهِ تَعَالٰى

---

(۱) علماء جبتک (ملوک) امراء اور مال داروں سے اختلاط نہیں کرے وہ دنیا میں اللہ تعالیٰ کے امانت دار ہیں اور جب وہ مخالطت کرتے ہیں تو ان سے بچنا چاہیے ان کی صحبت اختیار نہ کی جائے۔ وہ لوگوں میں سب سے شریر ' دین کے چور اور مخلوق کے لیٹرے ہیں۔

(۲) پ ۲۸ جمعہ۔ ان کی کہانی یوں ہے کہ تورات کو اس طرح اٹھاتے ہیں جیسے گدھے پر بوجھ لادا جائے جس کا اسے کوئی فائدہ نہیں۔

(۳) پ ۲۱ احزاب۔ کسی کے جسم میں اللہ تعالیٰ نے دو دل نہیں پیدا کیے۔

(۴) حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کے پاس وحی بھیجی کہ اے داؤد اگر تو میرا ہے تو دنیا کو دوست نہ رکھ کیونکہ میری اور دنیا کی محبت ایک دل میں اکٹھی نہیں ہو سکتی اور دنیا کو دشمن سمجھ کیونکہ وہ حجاب ہے اور اللہ تعالیٰ سے دور کرنے والی ہے۔

نمبر ا) ورنہ پرہیز نہ حلال سے اور نہ حرام سے اس مقام پر کہا گیا ہے کہ ترک حلال ضروری (فرض) ہے۔ جس طرح احکام شریعت میں حلال کا طلب کرنا ضروری (فرض) ہے اور ما سوائے اللہ ہر بات کے ترک کی طرف اشارہ ہے اور یہ ایک سر ہے۔۔۔؟

از دل بروں کنم غم دنیاو آخرت
یا خانہ جائے رُخت بود یا خیال دوست

دل آپ کے چہرے اور خیال کا مقام ہے اس میں سے دنیا اور آخرت کے سب جھگڑے باہر کرتا ہوں

پس جو دل (۱) حق (اللہ تعالیٰ) کے سوا کسی غیر میں مشغول ہے وہ شیطان کا گھر ہے جو خراب ہے جب تجھے خود بھی خراب گھر پسند نہیں اللہ تعالیٰ کو خراب دل کس طرح پسند ہوگا۔

فصل

سمجھ لیں کہ دل کے تین امراض ہیں۔ ایک حدیث نفس وہ خیال جو قصداً اور اختیار سے دل میں آتے ہیں یہ خیال خواہ خلا میں ہوں یا زمینی مجالس میں نماز میں یا نماز سے باہر۔ دوسرے خطرہ جو خیال بے قصد دل میں آتا ہے اور چلا جاتا ہے تیسرے دل کا خیال (نظر) جو غیر کی طرف ہو اور یہ علم اشیاء ہے۔

پس دل ان تین امراض سے خراب ہوا اور ان تین امراض میں پھنس گیا اور ص ۸
یاد خدا سے غافل ہوا اور خود کو تباہ کر لیا اور اگر طالب صادق ہے تو مرشد کامل کی طرف بہت جلد آنے کی توفیق پاتا ہے اور وہ مرشد کامل (۲) اس مرض کو صحت میں بدل دیتا ہے اور وہ اس صحت دل کی بدولت جاننے والا اور اہل نظر ہو جاتا ہے اور مشاہدہ حق میں واصل ہو جاتا ہے یہ کام اور اس کا ارادہ شغل باطن ہے اور وہ اسم اعظم اسم ذات ہے جو حدیث نفس کے مقام پر لگاتا ہے وہ ایک بلندی ہے عالم علوی سے ترقی دیتی ہے جو اللہ تعالیٰ کے صفاتی اسماء کو مقام خطرہ پر لاتی ہے اور یہ کہ آگ ہے جو غیریت کے خس و خاشاک جلا کر بھسم کر دیتی ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کی محبت کی آگ ہے جو دل میں بھڑکتی ہے

(۱) یعنی دنیا سے پرہیز اس لیے ہے کہ وہ حجاب ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(۲) صحت ابن جنس بجوئید از طبیب   صحت آں جنس بجوئید از حبیب
اس حس کی صحت طبیب سے اور حس کی صحت حبیب سے تلاش کرو
لمصححه سلمه الله تعالى

اسی مقام پر کہا گیا ہے کہ اَلْعِشْقُ نَارٌ تُحْرِقُ مَاسِوٰی الْمَحْبُوْب (۱)
جمال مرشد کو دل کی نگاہ سے زیارت کرنا جمال مرشد عالم شہادت ہے اسی واسطہ سے عالم غیب کے باسی جمال حق کا نظارہ کیا جا سکتا ہے۔ اسی لیے جمال مرشد کو آئینہ حق کہتے ہیں۔

اس مقام پر کہتے ہیں کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالٰی کا حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وصحابہ وسلم کے جمال دل ربا میں نظارہ کیا۔

نمبر۱) اگر طالب صادق تلقین مرشد کے مطابق اس طریق میں مشغول ہو تو امید ہے کہ اللہ تعالٰی کے فضل سے اسے شروع میں ہی وہ کچھ حاصل ہو جاتا ہے جو اخیار و ابرار کئی سال میں حاصل کر پاتے ہیں۔ الموفق والمیسر ھو اللہ تعالٰی

اس طریق کی تشریح ذکر سہ پایہ کے باب میں کی جائے گی انشاء اللہ تعالٰی

---

(۱) یعنی حق تعالٰی کا عشق ایک آگ ہے جو محبوب حقیقی کے علاوہ ہر چیز کو جلا دیتا ہے

مثنوی:-

ہر کہ را جامہ عشقے چاک شد	اوز حرص وعیب و کلی پاک شد
شاد باد اے عشق خوش سودائے ما	اے طبیب جملہ علت ہائے ما
اے دوائے نخوت وناموس ما	اے تو افلا طون وجالینوس ما

یعنی جمال شیخ کو آئینہ حق سمجھے یہ رابطہ کے طریق کا اشارہ ہے یعنی دل میں پیر کی صورت کی حفاظت۔ خواجہ احرار فرماتے ہیں کہ ذکر حق سے مرشد کا سایہ بہتر ہے یعنی مرید جتنا زیادہ تعلق پیر سے رکھے گا۔ باطنی طور پر فیض زیادہ ہوتا جائے گا۔

زاں روئے کہ چشم تست احوال	معبود تو پیر تُست اول
تیری نگاہ بھی (بھینگی) ہے	اول تیرا پیر ہی معبود ہے

(وہ) ذات کے تمام نشیب و فراز جانتا ہے۔ اس لیے اس کی ہر بات کو بلا چون و چرا مانتا ہے)

پیران طریقت کے بیان کئے ہوئے ارشادات

9 سمجھ لیں کہ طالب صادق کو مرشد کہے کہ تین دن کے لیے طے کا روزہ رکھے اگر ممکن نہ ہو تو بہت کم خوراک استعمال کرے اور ہر روز تہلیل (کلمہ طیبہ کا ورد) استغفار (کلمہ پنجم) اور درود شریف ہر ایک دن ایک ایک ہزار بار پڑھے تین دن بعد رات کے آخری حصہ میں غسل کر کے مرشد کے پاس آئے اور مرشد اسے اپنے پاس باادب بٹھائے اور جو ذکر طالب کے حسب حال سمجھے اسے سکھائے اس وقت پیر' مرید کے علاوہ کوئی تیسرا آدمی پاس نہیں ہونا چاہیے۔ کیونکہ مرشد کی تلقین اسرار حق ہے اور ہر طالب کا اپنا ایک مخصوص اسرار ہے۔ پیر' مرید صادق کی وصیت کرے وہ حکم کرے ذکر اور تلقین پر عمل کرے گفتگو اور اظہار تو (table talk) نہ کرے۔ تاکہ انوار و اسرار کا ثمر حاصل ہو جائے۔

طریق تلقین:- ایک بار مرشد ذکر بولے اور مرید اس کو سنے اور پھر مرید وہی الفاظ بولے اور پیر سنے۔ اسی طرح تین بار تکرار کرے پھر حوالہ دے جو (حوالہ) یوں ہے جو کچھ مجھے میرے پیر نے دیا تھا میں تجھے دیتا ہوں اور مرید کہے کہ میں نے قبول کیا۔ پھر مرید کو کہا جائے تنگ و تاریک اور بالکل خالی کمرے جہاں کسی کی آواز بھی سنائی نہ دے البتہ ایسا البتہ ایسا تنگ (چھوٹا) نہ ہو کہ اس میں کھڑا ہونا' بیٹھنا' لیٹنا مشکل ہو۔ ایسے کمرے میں جا کر چارزانوں (آلتی پالتی مار کر) بیٹھ جاؤ۔ چارزانوں اگرچہ انبیاء سے کوئی نہیں بیٹھا کیونکہ اس طرح بیٹھنا متکبروں کا طریق ہے اسی لیے اس کو بدعت بھی کہا جاتا ہے۔ تاہم اس کی اجازت ہے کیونکہ حضرت عمر[1] رضی اللہ عنہ مسجد میں چارزانو بیٹھے ہیں۔

(۱) سنن ابی داؤد کے کتاب ادب میں ہے جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
كان النبي صلى الله عليه وسلم اذا صلّى الفجر تربع حتى تطلع الشمس حسناء. یعنی پیغمبر خدا فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد افق سے سورج کے بلند ہونے تک چارزانو بیٹھا کرتے تھے۔ حضرت عمر فاروقؓ کا عمل اسی حدیث کے مطابق ہے۔

اور بعض ں نے ذکر کے لیے بیٹھنے کا طریقہ چارزانوں فرمایا ہے۔
اس طرح چار زانو بیٹھنے کہ کمر سیدھی ہو اس میں خم نہ آئے آنکھیں بند اور ہاتھ[1] دونوں زانو پر رکھے۔ دائیں پاؤں کے انگوٹھے اور ساتھ والی انگلی سے رگ کیاس بائیں جانب مضبوطی سے پکڑے۔
رگ کیاس ایک ایسی رگ ہے جس کا تعلق باطن قلب سے ہے اور جب یہ قوت پکڑتی ہے تو باطن میں حرارت پیدا ہوتی ہے جو تصفیہ قلب (دل کی صفائی) کرتی ہے۔
اس کے بعد اکیس زبان سے ذکر میں مشغول ہو جائے یہ خواہ جہریہ ہو یا خفیہ ہو جس طرح ذوق وانشراح ہو تا کہ خیال عبادت کا ہو عادت کا نہ ہو۔

فصل

زبان اور ہاتھ پاؤں کی بیس انگلیوں کے سروں کو اکیس زبان کہا جاتا ہے۔ اس کا مطلب ہے ذکر کو قوت سے اس طرح کرے کہ خشوع وخضوع دل میں اور تمام اعضائے جسم رگیں، گوشت پوست خون، ہڈیوں اور ان کے گودے تک ذکر کا اثر ہو۔
تاکہ اصل ذکر ہو جس کے ذریعہ مکاشفات اور واردات انوار ربانی حاصل ہو۔ ص ۱۰
جیسا کہ قرآن مجید سے ثابت ہے[2] اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ

(۱) چہرہ قبلہ کی طرف اور انگلیاں نفی کی حالت میں اٹھائے۔ مطلب یہ نفی عبرت ہے اور اثبات کی حالت میں نیچے چھوڑے یہاں اشارہ ثبوت ہستی مطلوب حقیقی سے ہے۔ ذہن دل کو ایک نقطہ خیال پر جمع کرے پوری عزت ہیبت اور تعظیم سے خوش الحان اور خوش آواز سے ذکر شروع کرے۔

(۲) پ ۱۳ سورہ ابراھیم- الم ترکیف ضرب الله مثلاً كلمة طيبة كشجرة اصلها ثابت وفرعها فى السماء یعنی کیا تم نے نہیں دیکھا کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے مثال بیان کی پاکیزہ کلمہ مثال پاکیزہ درخت کی طرح اس جڑ زمین میں مضبوط اور شاخیں آسمان میں ہوتی ہیں (وہ مضبوط اور سایہ دار ہے)

لمصحه سلمه الله تعالیٰ

فصل

(ذکر نفی اثبات کو بیان کرنے کے لیے)

سمجھ لیں ذکر نفی اثبات کلمہ طیبہ کا ذکر ہے جو اکثر مشائخ کی اصل اور اختیار کیا ہوا معمول ہے۔ لقولہ تعالیٰ[1] وَقُولُوا قَولًا سَدِيدًا يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ قول سدید سے مراد کلمہ کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

ہے وقال[2] سہل بن عبد اللہ تستری رحمۃ اللہ علیہ لَيْسَ لِقَوْلِ لَآ اِلٰہَ ثواب الاعمال وذکر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی بہت شان ہے اگر چہ اس کی ادائیگی زبان سے ہوتی ہے کیونکہ [3] مَنْ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِصًا مُخْلِصًا دَخَلَ الْجَنَّةَ

متقدمین صادقین کے دلوں میں اگر کوئی گرد وغبار آ جاتا تو وہ کلمہ کو تین بار ذوق وشوق سے پڑھتے غبار دور ہو جاتا اور (گرد وغبار کا) پردہ اٹھا کر پھر مشاہدہ کے مقام پر آ جاتے

[4] اِنَّهُ لَيُغَانُ عَلٰى قَلْبِيْ وَاِنِّيْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ كُلَّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ سَبْعِيْنَ مَرَّةً

اسی طرف اشارہ ہے دل کے پردے کو ہٹانے کے لیے ستر (۷۰) بار توبہ استغفار میں مشغول ہوں کیونکہ [5] اَلتَّوْبَةُ اَصْلٌ لِكُلِّ عِبَادَةٍ

اور تین بار کلمہ پڑھنے سے دل کے حجاب دور ہوتے ہیں ایک بار پڑھنے سے ایمان حاصل ہوتا ہے۔

---

(۱) لقولہ تعالیٰ وَقُولُوا قَولًا سَدِيدًا يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ پ۲۲ احزاب یعنی ا) مسلمانوں اللہ سے ڈرو اور سیدھی اور استوار بات کرو تا کہ تمہارے کام اور کارنامے درست ہو جائیں اور تمہارے گناہ معاف کر دیئے جائیں۔

(۲) سہل عبد اللہ تستریؒ نے فرمایا کہ کلمہ لا الہ الا اللہ کا ثواب دوسرے اعمال جیسا ثواب نہیں بلکہ عظیم ثواب ہے تمہاری سوچ کی حد سے باہر جیسا کہ احادیث میں ہے۔

(۳) جس نے خلوص اور اخلاص سے کلمہ لا الہ الا اللہ پڑھا وہ جنت میں داخل ہوا۔ بشرطیکہ اسی ایمان پر مرتے دم تک قائم رہا۔ دوسری حدیث مبارکہ میں وضاحت ہے کہ

(ذکرنفی اثبات کو بیان کرنے کے لیے)

سمجھ لیں نفی اثبات کے چہار ضربی ذکر اس طرح ہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا کلمہ بائیں جانب سے کھینچتے ہوئے دائیں طرف لائیں اور لآ کی مد کو اتنا طول دیں کہ تین ضربیں ایک سانس میں آ جائیں اور الا اللہ کے کلمہ کی چوتھی ضرب دل پر لگائیں کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی تین ضربیں شیطانی، نفسانی، اور ملکی تین خطرات کی نفی کا اشارہ ہے اور کلمہ الا اللہ کی چوتھی ضرب خطرہ رحمانی کے اثبات کا اشارہ ہے ص ۱۱

بائیں زانو پر جو منفرد مقام شیطان ہے نفی خطرہ شیطانی کے اشارہ کی پہلی ضرب خطرہ نفسانی کی نفی کے لیے دائیں زانوں پر دوسری ضرب کیونکہ ہمہ نفس اور شیطان مقابلہ کی حالت میں ہیں۔

بقیہ حاشیہ ۱۸

آخر کار جنت میں جائے گا اور مصنف کی مراد قول ادا کرنا مجرد صرف زبانی ہے اعتقاد دل اور اعمال حسنہ میں ختم ہوئے بغیر کلمہ نجات اخروی کا موجب نہیں اور یہ بات ظاہر ہے۔ (۴) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب دل پر کوئی بات پردہ ڈال دیتی ہے میں ہر روز ۷۰ (ستر) بار توبہ کرتا ہوں مسلم شریف میں سو بار درج ہے۔ جان لیں علماء اور عرفاء اس حدیث شریف کے بیان اور اس کے بھید کو جاننے کے لیے حیران ہین اور بیان کرتے ہوئے توقف کرتے ہیں ان کے اقوال کا محل اور کچھ ہے۔ (۵) یعنی توبہ اصل عبادت ہے اور توبہ کے بغیر کوئی عبادت قبول نہیں ہوتی یہ بھی سمجھ لیں کہ طریق سالکین کی ابتدا توبہ سے ہے اور فائزین کی اصل ہے اور پہلا قدم ہے۔
مریدین کے لیے استقامت کی کنجی اور حق عزوجل تک پہچانے والی اور مطلع صفائی اور روشنی ہے مقربین کے لیے توبہ بمعنی رجوع ہے جو شرع میں معصیت ہوتا اور اس کی طرف دوبارہ نہ لوٹنے کا پختہ یقین ہونا تاکہ اس کی طرف دوبارہ نہ لوٹے حضرت جنید سے پوچھا توبہ کیا ہے فرمایا ایسا ہو جیسے گناہ کو نہیں پہچانتے ہیں، توبہ کی تفصیل کا اور مقام ہے

خطرہ ملکی کی نفی کے اشارہ کے لیے ضرب سیوم دائیں کندھے پر دایاں کندھا نیکیاں لکھنے والے فرشتہ کی جگہ ہے اور دل پر الا اللہ کی ضرب اللہ تعالیٰ ذات حق سبحانہ تعالیٰ کا اشارہ ہے جو چہارم ضرب ہے۔

سمجھ لیں کہ نفی خطرات میں الگ الگ باطنی تفرقہ ہے اور مطلوب ومقصد پنج (حضور کلی) وتسکین ہے۔ لفظ (کلی) کی تشریح مرشد متبع کے مطابق کریں گے یا ان سے دریافت کیا جائے۔ تاکہ سب خطرات کی نفی ایک دم حاصل ہو جائے۔

ذکر میں کلمہ لا الٰہ میں لا معبودٗ یا لا مقصودٗ یا لا مطلوبٗ یا لا موجود کا (ملاحظہ کرے) خیال رکھے۔ اہل وحدت یہی لا موجود کا ملاحظہ کرتے ہیں۔ جو مقصود کلی اور مطلوب اصلی ہے۔

کلمہ الا اللہ کا مفہوم خیال کرے اور سوائے ذات پاک حق تعالیٰ کچھ نہ سمجھے اور اللہ تعالیٰ کے غیر کا ملاحظہ نہ کرے کیونکہ غیر کی نفی ملاحظہ کا مقصد ہے۔

اگر مرید عربی الفاظ نہیں سمجھتا تو اس کو اس کی سمجھ کے مطابق فارسی یا ہندی زبان میں سمجھایا جاسکتا ہے۔

دوضربی ذکر زیادہ تر دمادم کرے جیسے ذکر میں بندہ ڈوب گیا ہو۔ چہار ضربی میں بھی فرق ہے البتہ دوضربی اس طرح ہے کہ ایک ضرب لا الٰہ الا اللہ اور دوسری ضرب الا اللہ اور پھر تین بار یا پانچ بار یا سات بار یا گیارہ بار کے بعد کلمہ محمد الرسول اللہ کہے یعنی ہر دس بار بعد کہے تاکہ کلمہ طیبہ کا ذکر مکمل ہو اور ذکر تین رکن سے ترتیب پائے۔ کیونکہ یہی رکن ذکر اور باقی شرط ہے۔ اگر بے تکلفی اور انشراح صدر اور ذوق بڑھ جائے

جیسا ہو سکے تو یہی کلمہ لا الٰہ الا اللہ پڑھے تاکہ دل صفا ہو کر چمک پکڑے۔

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ شَيْءٍ صِقَالَةٌ وَصِقَالَةُ الْقَلْبِ ذِكْرُ اللّٰهِ (۱)

---

(۱) بیہقی نے یہ روایت کی ہے کہ ہر چیز کے لیے ایک چیز صاف کرنے والی ہے اور دل کو چمکانے والی چیز اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے

تا بجاروب لا نروبی راہ　　　　نرسی در مقام الااللہ

ترجمہ:- الااللہ کے مقام پر پہنچنے کے لیے پہلے لا (نفی شے) کا جھاڑو دینا ہوگا۔

تلاش کریں یہ ایک بڑا بھید ہے۔ جب آئینہ صفا ہوتا ہے تو اس کی صفائی کے مطابق پہلے (۲) مصقلہ (صاف کرنے والے) کا جمال اس میں نظر آتا ہے۔ اسی لیے چاہیے کہ لا الٰہ الااللہ کے ذکر کے سوا بلکہ اللہ دوبارہ نہ بولے تا کہ سب اللہ ہو وَقَلْبُ الْمُؤْمِنِ عَرْشُ اللّٰهِ تَعَالٰی یہی ہوتا ہے۔ اور وہ قلب ایسا ہوتا ہے جیسا کہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ (۳) قَلْبُ الْمُؤْمِنِ حَرَمُ اللّٰهِ وَحَرَامٌ عَلٰی حَرَمِ اللّٰهِ وَحَرَامٌ عَلٰی حَرَمِ اللّٰهِ اَنْ یَّلِجَ فِیْهِ غَیْرُ اللّٰهِ

۱۲ ص

جس جگہ بادشاہ کا خیمہ ہوتا ہے وہاں عوام کا شور نہیں ہوتا۔

تاکہ باشد یاد غیرے در حساب　　　　یاد مولا از تو باشد درحجاب
چوں نماند در دل از اغیار نام　　　　پردہ از محبوب بر خیزد تمام
چوں ہمہ یاد تو از مولا بود　　　　همچو مجنونت ہمہ لیلےٰ بود

جب غیر کی یاد حساب میں ہوگی تجھ سے اللہ تعالیٰ کی یاد میں پردہ رہے گا۔ جب دل سے اغیار کا نام نکل جائے گا۔ محبوب سے تمام پردے اٹھ جائیں گے اور تیری ہر قسم کی یاد مولا کی ہوگی تو مجنوں کی طرح ہر طرف لیلیٰ ہوگی۔

تفصیلی طور پر خطرات کی سمجھ عارف ربانی ہی جانتا ہے اجمالی طور پر سمجھ لیں۔ خطرہ شیطانی گناہ کا خطرہ ہے' خطرہ نفسانی ناز ونعمت اور خواہشات اور شہوات میں زندگی گزارنا' خطرہ ملکی سے مراد عبادت وطاعت ہے اور خطرہ رحمانی طلب محبت وعرفان حق جل جلالہٗ اور ہمیشہ حق میں ہونا ہے۔

---

(۲) مصقلہ۔ زیرے ایک آلہ ہے جس سے چھری تلوار اور فولادی شیشہ سے زنگ اتارا جاتا ہے اور چمکدار بناتے ہیں۔ مقام سرائے

(۳) مومن بندے کا دل اللہ تعالیٰ کی حرم سرا (گھر) ہے اور اللہ کے حرم میں غیروں کا آنا حرام ہے۔ (منع ہے)

فجر اور عصر کی نماز کے بعد کہ اس وقت نوافل نہیں پڑھے جا سکتے۔ ہمارے شیخ (حضرت عبدالقدوس گنگوہی) ان کے برکات ہمیشہ قائم رہیں نے ان اوقات میں ذکر نفی اثبات کا طریقہ اختیار کیا ہوا تھا ان اوقات میں تاثیر اور برکات بہت ہے اس طرح کہ فرض ادا کرنے کے بعد قبلہ رو ہو کر بیٹھ جاتے اور آیت الکرسی پڑھتے اور ذکر میں شامل دوسرے لوگوں کے ساتھ کلمہ لا الٰہ کا شروع بائیں جانب سے کرے اور دائیں طرف لائے اونچی آواز سے لمبا کھینچ کر پوری قوت سے ساتوں صفات سلبیہ (۱) کا ملاحظہ کرتے ہوئے یعنی حضرت سبّوح قدّوس، حضرت لا شریک لہ (۲)، حضرت لیس کمثلہ شیٔ اور حضرت لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفواً احد سے ان تمام صفات جو اس کے حسب حال نہیں کی نفی کرتے ہوئے (۳) دل کی فضا پر پوری قوت، آواز ذرا بلند اور کھینچتے ہوئے ضرب لگائے اور ساتوں صفات ایجابیہ (۴) یعنی حضرت احد اللہ الصمد حق اللہ رب العالمین الرحمن الرحیم کے لائق تمام صفات کا اثبات کرے۔

اس کے بعد نہایت نیاز (عاجزی) سے محمد الرسول اللہ کہے اور اسی طرح تین بار کرے اس کے بعد جب تک حالات ذوق اور شوق رہے واسطہ کے ملاحظہ کے ساتھ لا الٰہ الا اللہ کے ذکر کی تکرار دمادم جاری رکھے اور آخر میں تین بار مکمل کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ محمد الرسول اللہ تین بار جیسے پہلے پڑھا تھا مد طویل سے پڑھے

(۱) یعنی ذات حق تعالیٰ نہ عرض، نہ جوہر، نہ جسم اور مکان سے پاک ہے اور کل اور جز سے بھی پاک ہے، بے چوں و چگوں ہے اس کی صورت اور شکل نہیں اور تناہی اور عدم تناہی سے مبرا اور منزہ ہے اور اس کے علاوہ ہر بات سے پاک ہے

(۲) یعنی اس کے مانند کوئی چیز نہیں (۳) بائیں پستان کے نیچے دو انگل کے فاصلے پر جو گل صنوبر کی طرح ہے۔ (۴) بصر حیوۃ، علم، سمع، بصر، قدرت، ارادات اور کلام

لمصحه سلمه الله تعالیٰ

اور یہ ملاحظہ سے کہے (پڑھے) اور صفات سلبیہ اور ایجابیہ واسطہ سے پڑھے اس کے بعد ہاتھوں کو سینہ تک اٹھائے اور انہیں کھلا رکھے دعا کرے اور پھر ہاتھوں کو چہرے پر مل کر نیچے کرکے دوسرے ورد اور اوراد میں مشغول ہوجائے۔ ص ۱۳

کیونکہ صفات سلبیہ اور ایجابیہ اللہ تعالیٰ کے لیے خاص مساوی ہیں اسی لیے سات کلمہ سلبیہ لا الٰہ والے اور سات کلمے ایجابیہ الا اللہ میں مساوی بیان کئے گئے ہیں۔

فصل

کلمہ لا الٰہ الا اللہ میں بہت سے ملاحظات ہیں جیسے اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ نہیں چاہیے۔ اللہ تعالیٰ (ذات حق) کے سوا کسی کی تلاش نہیں یا ذات پاک حق تعالیٰ کے سوا کوئی معبود[(1)] نہیں حق تعالیٰ کی ذات پاک کے سوا کوئی موجود نہیں اور نہ ہی مطلوب ہے۔

اس ملاحظہ کو نزول اور عروج کے طریق سے کیا جائے ۱) جیسا کہ پہلی بار لامعبود الا اللہ دوسری بار لامطلوب الا اللہ تیسری بار لاموجود الا اللہ اس ترتیب کو نزول کہا جاتا ہے۔

یہ تمام نو ۹ (ایک کم دس) اسم ہوجاتے ہیں۔ دل کی صفائی کے لیے ملاحظہ صفات کے ساتھ یہ تمام اسماء یک دم کہنے چاہئیں بلکہ کوشش کی جائے دو تین بار زیادہ ہوجائیں اگر بھی (غیر عربی جو عربی زبان نہ سمجھ سکے) وہ فارسی اور ہندی میں عروج نزول کرے مطلب یہ کہ علاقائی زبان میں بھی خیال قائم کرسکتا ہے۔

(۱) سمجھ لیں لامعبود الا اللہ ملاحظہ شریعت ہے لامطلوب الا اللہ ملاحظہ طریقت ہے اور لاموجود الا اللہ ملاحظہ حقیقت ہے۔

کبھی کبھی اپنے احباب کے ساتھ دائرے (۱) میں بیٹھ کر اسی طرح بلند آواز سے ایک ذکر اور دوسرا ذکر کرے اور پھر توبہ کی تجدید کے لیے کہے

اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ شَیْئًا وَّ اَنَا اَعْلَمُ وَ اَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا اَعْلَمُ وَ لِمَا لَا اَعْلَمُ بِہٖ تُبْتُ عَنْہُ وَ تَبَرَّأْتُ مِنَ الْکُفْرِ وَ الشِّرْکِ وَ الْکِذْبِ وَ الْغِیْبَۃِ وَ النَّمِیْمَۃِ وَ الْفَوَاحِشِ وَ الْبُھْتَانِ وَ الْمَعَاصِی کُلِّھَا وَ اَسْلَمْتُ وَ اَقُوْلُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

اس کے بعد اکیس ۲۱ بار یہ استغفار کہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ

اس کے بعد نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں صلوٰۃ وسلام کا تحفہ پیش کرے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ

اس کے بعد پوری تسمیہ (۲) اور مد بلند سے کلمہ طیبہ تین بار اور یہ اس طرح کھینچے کہ سانس کی قوت لینے میں صرف ہو جائے اور صفات سلبیہ اور ایجابیہ جیسے لکھی جا چکی ہیں ان کا ملاحظہ کرے انہیں چھوڑنے کا خیال نہ لائے۔

اس کے بعد ذکر کلمہ لا الٰہ الا اللہ دمام دم ملاحظہ کرتے ہوئے کرے اور ذکر ذوق کے قائم رہنے تک جاری رکھے پھر ایک دو گھڑی کے لیے سر کو سامنے کی طرف نیچے کو چھوڑ دے اور سانس کھینچے نہایت انکساری کی حالت میں رہے خیال کرے حق تعالیٰ کا نور دل میں آ رہا ہے۔ ص ۱۴

(۱) حلقہ کے مریدوں کے ساتھ دائرہ میں
(۲) مکمل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پھر تین بار کلمہ طیبہ جیسا کہ پہلے بتایا جاچکا ہے کہے اور پھر کلمہ اِلاّ اللہ انشراح باطن تک کہے اور پھر پہلے کی طرح کچھ دیر کے لیے اللہ تعالیٰ کے روبرو متواضع ہو کر دم کشیدہ بیٹھے پھر تین بار پہلے کی طرح کلمہ طیبہ پڑھے اور اپنے ذوق اور شوق تک اسم ذات (اللہ) کا ذکر کرے۔ خیال رکھا جائے کہ ذکر تمام (۱) حروف سے کیا جائے اور کلمہ لا اِلٰہ اِلاّ اللہ (۲) سے کلمہ اِلاّ اللہ کا زیادہ ذکر کیا جائے

اسی طرح کلمہ اسم ذات اللہ کا ذکر کلمہ اِلاّ اللہ سے زیادہ کیا جائے اس کے بعد ہاتھ اٹھا کر حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم اور پیران سلاسل کی ارواح مبارکہ کے لیے فاتحہ پڑھے اور اپنے لیے اور دیگر احباب کے لیے دعا کرے پھر تکبیر پڑھے اور ذوق وشوق ربانی انوار واسرار سبحانی کے لیے کوشش کرے مرید اور احباب شیخ کے روبرو (۳) دست بوسی کریں خاموشی سے بیٹھیں یا ذکر سبحان اللہ کریں اور خیال کریں کہ تمام پاکی اور بے عیبی اللہ تعالیٰ کے لیے ہی ہے اور پھر ذکر اللہ اکبر اس خیال سے کہ تمام بزرگی اور بڑائی اللہ کے لیے ہے کریں اور پھر ملاحظہ اسماء صفات کے ساتھ ذکر اللہ اللہ کریں

---

(۱) یعنی حروف از حروف ذکر۔ ذکر حذف نہ کیا جائے ہر حرف کی آواز دوسرے حرف سے الگ اور سمجھ آئے۔

(۲) اگر کلمہ لا الٰہ الا اللہ ۲۰۰ (دوسو بار) پڑھا تو اِلاّ اللہ چارسو (۴۰۰) اللہ اللہ چارسو بار اور کلمہ اللہ سو بار (اسم ذات دوضربی اور اسم ذات مجرد یک ضربی) (۳) ذکر کے دوران شیخ کی طرف متوجہ رہیں۔

ذکر سہ پایہ کا بیان

سمجھ لیجئے کہ اس ذکر کے تین ارکان ہیں حدیث نفس کے مقام پر اسم ذات دوسرے محل خطرہ پر صفات امہات[1] کا ملاحظہ اور تیسرے نظر دل کے مرکز پر واسطہ اور اس سہ پایہ ذکر کی مثال ابریق[2] سے دی جاتی ہے جو اپنے کسی حصے کے بغیر قائم نہیں رہتا انہی معنوں میں رکن ہے۔ اس ذات کے ساتھ اسمائے صفات یاد کرتے ہیں۔ مشائخ کی اصطلاح میں ملاحظہ اور ارادہ کہلاتا ہے اور اس مطلب کو تصور' واسطہ' رابطہ' برزخ کہتے ہیں۔

اس ذکر کی سات شرائط مشہور ہیں کہ اس کے بغیر ذکر نہیں ہوتا ایک شد دوسری مد تیسری تحت ان تین شرائط سے اس کو ذکر شش (چھ) رکنی کہتے ہیں اور اس کام کی حقیقت کو سب جانتے ہیں۔ چہارم (چوتھے نمبر پر) محاربہ پنجم (پانچویں نمبر پر) مراقبہ اور یہ دونوں یعنی محاربہ اور مراقبہ دو راستے ہیں۔ محاربہ شد میں اور مراقبہ ملاحظہ میں چھٹے نمبر پر محاسبہ ساتویں نمبر پر مواعظہ تاکہ غفلت کی وجہ سے تعطل نہ ہو۔ اور ذکر میں ہمیشگی ہو جائے اور ان سات شرائط سے ذکر دس رکنی کہلاتا ہے اور مشہور ہے اس کے متعلق یہی جانتے ہیں روایات کے مطابق آٹھویں شرط کو فوقیت حاصل ہے۔

جیسا کہ کہا گیا ہے

برزخ وذات وصفات وشدومد وتحت وفوق

می نماید طالبان راکل نفس ذوق وشوق

(۱) یعنی اللہ سمیع' اللہ بصیر' اللہ علیم (۲) اس کی مثال ذکر سہ پایہ کی تشبیہ سہ پایہ ابریق سے دی گئی ہے جس طرح ابریق (لوٹا) ایک پاؤں پر قائم نہیں رہ سکتا اس کو سیدھا کھڑا ہونے کے لیے تینوں پاؤں ضروری ہیں اسی طرح ذکر سہ پایہ کے لیے اس کے تینوں ارکان کا ہونا ضروری ہے۔ ابریق زیر کے ساتھ اور یائے معروف سے (پانی کی چھاگل) اس سے وضو کیا جاتا ہے

۱۵ ص

طالبانِ حق کو برزخ، ذات وصفات، شد ومد، تحت وفوق کل نفس کا ذوق اور شوق
دیتی ہیں۔

دو شرطیں اور بھی ہیں ان کا بھی خیال رکھا جائے تا کہ مکمل طور پر فائدہ حاصل ہو اور یہ تعظیم اور حرمت ہیں۔ تعظیم کا مطلب ہے کہ حق تعالیٰ کا وقار (عظمت) اور حرمت رعایت ادب ہے اور ہر وقت بدعات (۱) سے بچ کر رہنا ہے اور ہر قسم کے محرمات (۲) وشبہات سے بچ کر رہنا اور ان دو مزید شرائط سے ذکر بارہ رکنی کہلاتا ہے جو اس راہ کا کمال ہے کہ ذکر کر کے ایک سانس میں دم میں ایسا کنٹرول کہ تنگئ نفس اور بے قراری ظاہر ہو۔

اس معاملہ میں اتنی کوشش کی جائے کہ دن میں ہزار اور رات میں ہزار سانس آئیں سب کے سب ذکر میں مشغول ہوں۔

اگر یک ذکر گوید صبح تا شام رسد کارش بفضل حق باتمام

ذالک فضل اللہ تعالیٰ (۳) جب اسی طرح ذکر کرنے کی توفیق ہوگی ذکر جسم کے رگ اور ریشہ میں سرایت کرے گا اور حق سبحانہ کی خبر ہوگی کہ کس سعید ازلی کا اس دولت میں حصہ ہے۔

محرم دولت نبود ہر کسے بار مسیحا نکشد ہر خرے

دولت (حکومت) کا رازدار ہر ایک نہیں ہوتا مسیحا کا بوجھ اٹھانے والا ایک ہی جانور ہوتا ہے۔

(۱) دین میں نئی چیز پیدا ہونا جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے نہ نکلی ہو
(۲) منع کی ہوئی باتیں نواہی ایسی باتیں جو منع نہیں مگر ان کے کرنے سے فسق وفجور میں پڑنے کا اندیشہ ہو ان سے بھی بچنا چاہیے۔
(۳) یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔

سمجھ لیجئے کہ اسم ذات "اللہ" ہے اور اسماء صفات کا ملاحظہ سمیع ' بصیر ' علیم ہے اور ان صفات کو "امہات صفات " کہا جاتا ہے اس کی ترتیب نزولی سمیع ' بصیر ' علیم ہے اور پھر علیم ' بصیر ' سمیع ترتیب عروجی ہے۔

نزول عروج اور پھر نزول یہ نو بار ہوا اور اسی طرح ذکر کرتے ہوئے الفاظ کا مطلب اور معنی دل اور ذہن میں دہراتے ہیں تاکہ ملاحظہ کا مفہوم حاصل ہو جائے اور خیال کو ملاحظہ کی طرف رکھتے ہیں تاکہ خیال ہر طرف سے بند ہو کر دل کی نظر (۱) ہمیشہ واسطہ پر رہے۔ کیونکہ واسطہ میں نوبت نہیں اور ملاحظہ میں نوبت ہے اور اصلی تصور تو بہت بڑا ہے جب مرید ذات شیخ میں فنا ہو جاتا ہے پھر اس فنافی الشیخ کی برکت سے فنافی اللہ کا مقام حاصل ہو جاتا ہے اور غیر حق تعالیٰ یہاں تک کہ اپنے آپ کا بھی شعور اور آگاہی نہیں رہتی۔ ذاکر اور ذکر مذکور میں محو ہو جاتے ہیں۔

توحید حلول نیست نابودن تست ورنہ بگذاف آدمی حق نشود
خواهی که سخن زجان آگہ شنوی وازاسرار درونی شاهنشه شنوی

توحید (۲) حلول نہیں بلکہ نہ ہونا ہے۔ گپ شپ اور شیخی بگھارنے سے آدمی حق نہیں بن جاتا۔ اسرار درونی شاہنشاہ اور جان آگاہ کی باتیں سنی جائیں۔

---

(۱) واسطہ' رابطہ' برزخ' ان الفاظ سے مراد مرشد ہے
(۲) حلول حل ہونا

16 ص

نزول اور عروج کا مطلب یہ ہے کہ سمیع سے بصیر اور علیم پر آئے پھر علیم سے بصیر اور سمیع کو جائے اس میں یہ راز ہے کہ طالب اول مرتبہ عالم عقل وشہادت کے مقام پر ہے یہ مقام نزول ہے

دوسرے مرتبہ مقام عقل وشہادت سے مقام غیبت میں ترقی کرتا ہے اور ارادت ہمانی حاصل کرتا ہے اور اس سے (تلون حال) اپنے اندر تبدیلی محسوس کرتا ہے یہی عروج کے معنی ہیں اور پھر مقام شہادت وعقل میں آتا ہے اور یہ مقام تمکین ہے اور انہی معنوں میں واصلان اور کاملان کو احیاء کہتے ہیں۔ یہ مقام مقام انبیاء وخواص اولیا کا ہے اس مقام پر (مغلوب الحال) نہیں ہوتے۔ عقل اور فہم قائم رکھتے ہیں۔ وہ (1) شطحیات نہیں کہتے اور وارین دونوں جہانوں کی اصلاح کرتے ہیں اور شروع سمیع ان معنوں میں کہ بڑے سے چھوٹے (2) اسم سمیع کا احاطہ کرے اور اسم بصیر چھوٹے چھوٹے بصیر کا احاطہ اور اسم علیم کا احاطہ بھی انہی معنوں میں

(۳) بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

وہ اللہ ہر چیز کو جانتا ہے۔

(1) شطحیات:- زبر سے اور حائے مہملہ زیر اور یائے تحتانی مشدد صوفیائے اکرام علیہم الرضوان۔ شرع ظاہری کے خلاف باتیں کہنا اور خلاف شریعت کلمات زبان پر لانا۔ کتاب میں لکھا ہے بعض واصلین مستی اور ذوق کے وقت بے اختیار کلمات بولتے ہیں جیسے منصورؒ نے انا الحق اور جنیدؒ نے لیس فی جبتی سوی اللہ بایزید بسطامیؒ نے سبحانی ما اعظم شانی کہا ہے۔ (۲) خلاصہ یہ ہے کہ مبصرات سے مسموعات تھوڑے اور مبصرات معلومات سے تھوڑے اور معلومات دوسرے دو سے جیسا کہ ظاہر ہیں زیادہ ہیں۔

(۳) اللہ تعالیٰ تعالیٰ واقدس ہر چیز کا جاننے والا ہے۔

فصل

ہمارے شیخ (۱) (پیر) دامت برکاتہ کے نزدیک سہ پایہ کا طریقہ اس طرح ہے زبان کو تالو (۲) میں سخت کرے تاکہ حرکت نہ کر سکے اور اسم ذات (اللہ) دل میں کہے اور ہمزہ کا آغاز تحت سے کرے اسی طرح ذکر سے نقصان نہ ہوگا مدّ کو کھینچے واسطہ سے ملاحظہ مکمل ہو۔ دوسری بار مدّ اور تحت سے اللہ کہے ملاحظہ و واسطہ کرے تیسری بار ملاحظہ اور واسطہ سے اللہ کہے اور یہ نزول ہے۔ اسی طرح ایک اسم ذات پاک اور ایک اسم صفات میں عروج اور نزول کرے۔ بعض تین اسمائے صفات کو ایک اسم ذات مین ملاحظہ کرتے ہیں اور مدّ کو لمبا کھینچتے ہیں۔ اور بعض نو ۹ کے نو اسمائے صفات کو جو نزول و عروج اور نزول ہیں ایک اسم ذات میں ملاحظہ کرتے ہیں اور اسم ذات کی مدّ کو جب تک سانس کنٹرول میں رہے کھینچتے ہیں اور اسمائے صفات کو شروع مین ملاحظہ کرتے ہیں اور ان آخری تین طریق کو شغل اوراد کہتے ہیں۔ اگرچہ یہ طریق برگزیدہ اور پسندیدہ ہے اس مین اسم ذات سے اسم صفات کی منتقل ہونا ہے جو ایک قسم کا تفرقہ ہے اس میں اسم ذات کو بھلا دینا ہے۔

ا ۷ پہلا طریق صاف ہے اس طریق سے شغل ذات صفات کے ساتھ ہے اور
ص ہم (۳) نے یہی راہ (پہلا طریق) اختیار کیا اور الحمد للہ علیٰ ذٰلک
ہم منزل مقصود پر پہنچ گئے۔

فصل

شدّ مدّ تحت اور فوق کو اس طریق سے سمجھیں کہ "اللہ" اسم ذات کا ذکر ناف

(۱) حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہی رحمتہ اللہ علیہ (۲) حلق کے اوپر کا حصہ

(۳) مصنف حضرت خواجہ جلال الدین تھانیسری

... سے سختی یعنی قوت سے شروع کریں اور مدّ کی طرح کھینچیں اور صوت حسن
(... الحانی) سے یاد کریں دل و دماغ کو عبادت کا احساس ہو عادت نہیں اس میں یہی
... اور مصلحت ہے کہ عبادت اور عادت کا فرق ہو۔ اس کا قلب کو وسوسہ نہ ہونا چاہیے
... سینہ کی اوپر والی سطح پر لا کر اتنی دیر روکے کہ ایک' دو تین یا اس سے زیادہ بار ذکر ہو۔
... باطنی حرارت اور حال ظاہر ہو۔ سانس کا کھینچنا ہر بار عادت سے زیادہ ہوتا کہ ہوا
اس ... سے ٹھہرے اور باطنی حرارت سے باطنی (1) دسومات (باطنی گناہوں کی چربی)
پگھل جائے گی کیونکہ ہوا گرم ہوتی ہے اور ہوا باہر نکلتے ہوئے باطنی دسومات تک نہیں پہنچتی
اور وہ رگ و ریشے جو دل کے نزدیک جڑے ہوئے ہیں ان پر چربی بہت ہوتی ہے اور اسی
چربی کے ذریعہ وسوسہ ڈالنے والا خناس (۲) ان رگ و ریشہ میں تعلق قائم کر لیتا ہے اور
فاسد اور باطل وسوسے دل میں پیدا کرتا ہے۔

جب سانس کو کچھ دیر روک کر حرارت اس مذکورہ چربی تک آتی ہے اور یہ پگھلتی
... خناس مغلوب ہو جاتا ہے اور صفائی دل پیدا ہو جاتی ہے جب کشش دم عادت سے
... کی حبس دم سانس کی تنگی ہوگی خطرہ بندی جلد ہوگی اور تیزی سے محویت ظاہر ہوگی۔
... کی گرمی تمام جسم میں اثر کرتی ہے اور ذکر تمام اعضاء، گوشت و پوست میں جاری
ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی توفیق سے محبت کی آگ دل میں آ جاتی ہے
کشش دم اور خطرہ بندی کے عالم میں معدہ کو طعام اور پانی سے خالی ہونا شرط ہے
خاص طور پر ابتداء میں۔

... بسختی نفس میکشد پادراز ... گنجد درانبان آز

وَهُوَ الْمُوَفِّقُ بِالْخَيْرِ، وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللَّهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ

---

(1) دسومات بضم دال مہملہ:۔ دسومة کی جمع ہے ہندوستانی زبان میں چکنائی کہتے ہیں ... تیل یا چربی حیوانی (۲) خناس اژدہا جیسا ہے اسکی سونڈ ہے جس پر زہریلے ... ہیں۔ جب کسی مرید سے خوراک کے معاملہ میں غلطی ہوتی ہے تو خناس کو قوت ... اور اپنی زہریلے کانٹوں والی سونڈ کو دل کے گرد گھماتا ہے زہر اس کے دل میں اثر ... دل سیاہ ہو جاتا ہے۔ جب بندہ توبہ استغفار اور پاس انفاس کا ذکر کرتا ہے ... ہے اور دل میں صفائی پیدا ہوتی ہے (ضیاء القلوب)

فصل

۱۸ ص

تحت میں ذکر سے فائدہ بہت اور حرج (نقصان) بھی اور بے تحت تمام[1] نقصان اور تحت میں حرج اور نقصان اگر چہ تحت سے ذکر اصل تک پہنچا تا ہے ایسا نہ ہو کہ خون جاری ہو اور ہلاکت ہو جائے • تحت کے بغیر چارہ نہیں اس لیے چاہیے کہ حرج سے بچے اور تحت کے ذریعہ کام کرے اللہ تعالیٰ آپ کی برے وقت میں حفاظت کرے اور کوئی نقصان نہ ہو اور ذکر جان کے رگ وریشہ میں جائے اور حق سبحانہ کی خبر ملے انشاء اللہ

جان باوکه وصل او بدستان ندهند سر از قدح شرع بمستان ند هند

فصل

پاس انفاس کا مطلب یہ ہے کہ ہر وقت سانس کو ذکر میں لگائے رکھیں تا کہ دل میں غیر کے آنے[2] خطرہ نہ ہو۔

پاسبان دل شوند درکل حال تانیا ید هیچ دزد اینجامجال

هر خیال غیر را دزد دان این عبادت سالکاں را فرض داں

دل کو ہر وقت ذکر میں مشغول رکھیں تا کہ اس جگہ کو چور نہ آ جائے۔ ہر غیر اللہ کے خیال کو چور سمجھیں یہ عبادت سالک پر فرض ہے۔

ہر وقت کو یاد حق میں صرف کریں اور اپنے سانسوں (زندگی) کو ضائع نہ کریں

هریك نفس که می رودلز عمر گوهریست کانرا خراج ملك دو عالم بود بها

مپسنداین خزانه رهی رائگاں بباد وانگه روی بخاك تهی دست و بی نوا

زندگی کا ہر سانس قیمتی ہے اور اس کی قیمت دونوں جہانوں میں نہیں۔ یہ خزانہ یونہی ضائع کرنا پسند نہ کر ایسا نہ ہو تو زیر خاک خالی ہاتھ اور بے یار و مددگار جائے۔

---

(۱) اس فصل میں بعض الفاظ کا ترجمہ صحیح نہیں ہو سکا با محاورہ تحریر نہیں اسی با محاورہ ترجمہ نہیں ہو سکا قاری خود اپنے حالات کے مطابق سمجھنے کی کوشش کرے۔

(۲) یعنی اپنے سانسوں سے بیدار اور ہوشیار رہو۔ سانس اندر لے جاتے وقت اور باہر نکالتے وقت جلی یا خفی طریقہ سے ذکر کرتے رہیں۔

فصل

شغل باطنی کئی قسم کا ہوتا ہے ایک یہ کہ مرشد طالب کو شروع سے بتاتا ہے کہ صورت خود اچھی طرح توجہ میں رکھو اور کبھی کبھی اس کو دل میں لے کر اس کی طرف توجہ دو دوسرے یہ کہ مرشد کی صورت دل میں محفوظ رکھو اور دل کی نگاہ اس پر رکھو تیسرے یہ کہ دل میں اللہ کا خیال کریں اور دل کی نگاہ اس پر رکھیں اور اس پر دوام کریں۔

فصل

مرشد مرید کو بعض صفات کے لیے اور بعض صفات کی ترقی کے لیے اوراد تلقین کرے تا کہ اس اسم مبارک کے نور سے منور ہو کر اس کے آثار اس میں ظاہر ہو جائیں اور یہی اس مشرب (۱) کے اوراد ہیں پہلے مرتبہ میں سارے امہات 19
اسماء ہیں (۲) سَمِيعٌ بَصِيرٌ عَلِيمٌ جب ان پر استقامت (۳) پا کر مرتبہ کمال ص
پر آتے ہیں پھر ان پر دوسری صفات کا اضافہ کرے دَائِمٌ قَائِمٌ حَاضِرٌ نَاظِرٌ
شَاهِد کل مل کر آٹھ ہو جاتے ہیں پھر تیسرے مرتبہ میں بارہ اسماء اور تلقین کرے
مثلاً وَدُودٌ حَيٌّ قَيُّومٌ ظَاهِرٌ بَاطِنٌ غَفُورٌ رَؤُفٌ نُورٌ هَادِي بَدِيعٌ بَاقٍ
مرید جب ان پر استقامت حاصل کرتا ہے ان کے اسرار اور روشنی سے منور ہو جاتا ہے اور اپنے باطن کے مقام طلوع پر مرشد کو پاتا ہے
پھر اسمائے حسنیٰ ہی سے اور بتائے چاہے مفردات چاہے مرکبات جیسے
اَكْرَمُ الْاَكْرَمِيْنَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ اَجْوَدُ الْاَجْوَدِيْنَ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ
مرید جب ان پر استقامت پاتا ہے اور ان کے انوار کے در اسرار سے مشرف ہو جاتا ہے
اس کے بعد مرتبہ میں اور مرکبات الفاظ زیادہ کرتا ہے جیسے اَلْعَلِيُّ الْاَعْلٰى الْعَظِيْمُ الْاَعْظَمُ
الْكَبِيْرُ الْاَكْبَرُ الْقَرِيْبُ الْاَقْرَبُ اللَّطِيْفُ الْاَلْطَفُ
بہرحال اسمائے حسنیٰ اس طرح مرکبات بناتے ہیں چنانچہ ان مرکبات کی کوئی حد نہیں البتہ ایک مراقبہ میں ڈھالا گیا ہے

---

(۱) طریقہ کار ... اہل بہشت (۲) اصل اسماء

(۳) ... ۹۹ ... اسماء مبارک ملفوظات۔ مرکبات

ہمارے شیخ (حضرت عبدالقدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ) نے انہیں اسمائے حسنہ کو ایک دعا کی شکل میں ترتیب دیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُ سَمِيْعٌ اَللّٰهُ بَصِيْرٌ اَللّٰهُ عَلِيْمٌ اَللّٰهُ عَلِيْمٌ
اَللّٰهُ بَصِيْرٌ اَللّٰهُ سَمِيْعٌ اَللّٰهُ سَمِيْعٌ اَللّٰهُ بَصِيْرٌ اَللّٰهُ عَلِيْمٌ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْمُلْكُ وَالْمَلَكُوْتُ اَللّٰهُ سَمِيْعٌ اَللّٰهُ بَصِيْرٌ اَللّٰهُ عَلِيْمٌ
اَللّٰهُ دَائِمٌ اَللّٰهُ قَائِمٌ اَللّٰهُ حَاضِرٌ اَللّٰهُ نَاظِرٌ اَللّٰهُ شَاهِدٌ اَللّٰهُ شَاهِدٌ
اَللّٰهُ نَاظِرٌ اَللّٰهُ حَاضِرٌ اَللّٰهُ قَائِمٌ اَللّٰهُ دَائِمٌ اَللّٰهُ عَلِيْمٌ اَللّٰهُ بَصِيْرٌ
اَللّٰهُ سَمِيْعٌ اَللّٰهُ سَمِيْعٌ اَللّٰهُ بَصِيْرٌ اَللّٰهُ عَلِيْمٌ اَللّٰهُ دَائِمٌ اَللّٰهُ قَائِمٌ
اَللّٰهُ حَاضِرٌ اَللّٰهُ نَاظِرٌ اَللّٰهُ شَاهِدٌ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْكِبْرِيَاءُ
وَالْجَبَرُوْتُ اَللّٰهُ قُدُّوْسٌ اَللّٰهُ وَدُوْدٌ اَللّٰهُ حَقٌّ اَللّٰهُ قَيُّوْمٌ اَللّٰهُ ظَاهِرٌ
اَللّٰهُ بَاطِنٌ اَللّٰهُ غَفُوْرٌ اَللّٰهُ رَؤُفٌ اَللّٰهُ نُوْرٌ اَللّٰهُ هَادِيْ اَللّٰهُ بَدِيْعٌ ۲۰
اَللّٰهُ بَاقِيْ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْعِزَّةُ وَالْعَظَمَةُ وَاللّٰهُ اَكْرَمُ الْاَكْرَمِيْنَ ص
وَاللّٰهُ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ وَاللّٰهُ اَجْوَدُ الْاَجْوَدِيْنَ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ
اَللّٰهُ رَؤُفُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ اَللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ
اَللّٰهُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُ رَؤُفُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُ اَجْوَدُ
الْاَجْوَدِيْنَ اَللّٰهُ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ اَللّٰهُ اَكْرَمُ الْاَكْرَمِيْنَ اَللّٰهُ اَكْرَمُ الْاَكْرَمِيْنَ
اَللّٰهُ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ اَللّٰهُ اَجْوَدُ الْاَجْوَدِيْنَ اَللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ
اَللّٰهُ رَؤُفُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ اَللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الصَّمَدِيَّةُ وَالْاَحَدِيَّةُ اَللّٰهُ الْعَلِيُّ الْاَعْلٰى اَللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْاَعْظَمُ
اَللّٰهُ الْكَبِيْرُ الْاَكْبَرُ اَللّٰهُ الْقَرِيْبُ الْاَقْرَبُ اَللّٰهُ اللَّطِيْفُ الْاَلْطَفُ اَللّٰهُ اللَّطِيْفُ
الْاَلْطَفُ اَللّٰهُ الْقَرِيْبُ الْاَقْرَبُ اَللّٰهُ الْكَبِيْرُ الْاَكْبَرُ اَللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْاَعْظَمُ
اَللّٰهُ الْعَلِيُّ الْاَعْلٰى اَللّٰهُ الْعَلِيُّ الْاَعْلٰى اَللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْاَعْظَمُ اَللّٰهُ الْكَبِيْرُ الْاَكْبَرُ
اَللّٰهُ الْقَرِيْبُ الْاَقْرَبُ اَللّٰهُ اللَّطِيْفُ الْاَلْطَفُ هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ
وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَبِالْاِجَابَةِ جَدِيْرٌ وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا

(اذ کار اثبات کا بیان)

ار اللہ بھ ‌او مد اور خواہ قصر سے ہو اَنْتَ الْهَادِیْ اَنْتَ الْبَاقِیْ کے ملاحظہ اور قوت و تصور ہو کہ۔

اللّٰہ مَعِیْ اَللّٰہ حاضِرِیْ اَللّٰہ ناظِرِیْ اس ذکر میں فتح اور کمالات بے شمار ہیں ایک اور

الرام (ذات) اللہ (۱) تو می بینی تو می دانی و تو می خواہی (۲)

ایک اور ذکر ھُوَ ھُوَ ھُوَ اس میں ملاحظہ

ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ھُوَ الْعَلِیْمُ سے مشغول ہونا چاہیے۔

ایک اور ذکر اَنْتَ اَنْتَ اَنْتَ اس میں ملاحظہ اَنْتَ الْبَاقِیْ اَنْتَ الْکَافِیْ ص ۲۱

اَنْتَ مَعْبُوْدِیْ اَنْتَ مَطْلُوْبِیْ

اَنْتَ الرَّحِیْمُ اَنْتَ الْکَرِیْمُ اَنْتَ الْحَکِیْمُ اَنْتَ الدَّائِمُ اَنْتَ الْقَائِمُ اَنْتَ حَاضِر

اَنْتَ نَاظِر اَنْتَ شَاهِدْ اَنْتَ مَقْصُوْدِیْ اَنْتَ مَحْبُوْبِیْ یا بلاحظہ

سمجھ لینا چاہیے کہ ان تمام اذکار کا مطلب اور مقصود ذکر میں دوام (ہمیشگی) حضور تمام ... مکمل حضوری اور اذکار کے اثرات اس پر مرتب ہوں اس کی گفتگو اور اظہار یکساں ... ذکر یہی ذکر حق دل اور روح کی غذا بن جائے اور ہمیشہ اس کا انیس ہو جائے۔

کار کن، کار، بگذر از گفتار که اندریں راه کار، دارد کار

... گزر ... کام کی ضرورت ہے زبانی جمع خرچ (گفتار) کو چھوڑ کر کام کر۔

... اور ذکر اسم ذات اللہ جہر سے بعض اوقات یوں کرتے ہیں کہ کھڑے ہو کر ... (چھ اطراف پر) ایک ضرب، چہار ضرب یک ضربی، دو ضربی اور بتائی ہوئی ... کے ملاحظہ کے ساتھ یہ ذکر کیا جاتا ہے۔

(۱) ... (۲) تو دیکھتا ہے تو جانتا ہے تو چاہتا ہے (۳) ھو العلیم الخبیر

ایک اور ذکر اس طرح کہ قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھیں سامنے کی طرف قرآن مجید یا کسی ولی اللہ کی قبر ہو۔ پہلی ضرب اسم ذات کی بائیں طرف دوسری دائیں طرف تیسری ضرب مصحف یا قبر پر اور چوتھی ضرب دل پر کہ وہ زندہ اور ذکر میں مستغرق (مصروف) ہو جائے۔ اس ذکر کو کشف معانی قرآن اور کشف قبور کہا گیا ہے۔

(۱)
وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ

ایک اور ذکر کھڑے ہو کر اسم ذات کا جہری طریقہ سے کیا جاتا ہے اسے رات کو ریتلی جگہ یا نرم جگہ کھڑے ہو کر اگر گر جائے تو چوٹ نہ لگے اور جب ذکر کرتے ہوئے گر جائے تو کچھ دیر پڑا رہے اس وقت دل پر نظر رکھے کیسا جمال اور نور ظاہر ہوتا ہے اور کیا اسرار اور عقدے کھلتے ہیں وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ اور ذکر شیخ عزیز اللہ (۲) کا معمول (عمل) تھا

ایک اور ذکر اللہ اللہ میں مستغرق اور مشغول ہو۔ یہاں تک کہ کسی ضرب کا ملاحظہ نہ رہے اس ذکر کو وَلَہ (۳) کہتے ہیں اور اس کو بے خودی کا حصہ جانتے ہیں۔

فصل

(ذکر حداری کا بیان)

کلمہ لا الٰہ بائیں جانب سے ملاحظہ سے شروع کیا جائے اور دونوں گھٹنوں پر کھڑے ہو کر کلمہ الا اللہ کی ضرب فضائے دل پر پوری قوت سے لگائی جائے اور پھر بیٹھ جائے اپنے دونوں ہاتھ اس طرح ہلائے جس طرح لوہار ہتھوڑے (۴) کو آہرن پر مارتا ہے۔ اس طرح ہر بار کرے تاکہ ذوق آ جائے۔ یہ ذکر امام حداد رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے اس ذکر میں ظاہری مشقت زیادہ ہے۔

ہمارے شیخ (حضرت عبدالقدوس گنگوہی) دامت برکاتہ نے اس ذکر کی سند سے ص ۲۲
اس فقیر کو بحضور مشرف کیا ہے اور ایسے مشاہدے اور معاینے کرائے کہ اس کے فضل اور امداد کے بغیر کسی کی پہنچ میں نہیں۔

---

(۱) اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے (۲) شیخ عزیز اللہ متوکل متوفی ۹۱۲ ہجری بہت تفرد اور توکل والے تھے رات کو ان کے پاس جو کچھ ضرورت سے زیادہ ہوتا ہمسایوں میں تقسیم کر دیتے تھے۔ (۳) وَلَہ بفتحین سر گشتگی از عشق خشم و غضب (۴) ہتک بضم اول سکون تائے فوقانی وکاف عربی۔ لکڑی کے دستے والا وزنی لوہا کہ اس سے لوہے کو کوٹا جاتا ہے عربی میں آرمطرقہ ہندی زبان میں گھن اور آج کل اسے بہت بڑے ہتھوڑے کی شکل میں دیکھا جا سکتا ہے۔

[illegible]

فصل

(ذکر پاس انفاس کے بیان میں)

اس کا طریق اس طرح ہے کہ کلمہ لَا اِلٰہَ[1] کا خیال سانس لیتے (اندر لے جاتے) وقت اور سانس اوپر کھینچتے وقت اور باہر نکالتے وقت دو کلمہ اِلا اللہ سے ذکر کرے جب سانس اندر لے جائے تو لَا اِلٰہَ اور جب باہر نکالے تو اِلا اللہ کا خیال رکھے سانس اندر اور باہر نکالتے وقت نظر ناف پر رکھے اور جب تک ذکر کرے زبان اور منہ بند رکھے اور بے حرکت رہے۔ اتنا ذکر کرے کہ عادتاً ذاکر ہو جائے اور ذکر میں مستغرق ہو جائے۔ یہ ذکر زندگی بن جائے جاگتے سوتے ذاکر ہو جائے سانسوں کا پاس حاصل ہو جائے۔ ملاحظہ کا خیال رکھے اس ذکر کو شیخ محمد مہدی کے دوست اور مرید کرتے تھے۔ ایک اور طرح سے پاس انفاس یوں ہے کہ سانس کو مشغول رکھا جائے اور دم سازی کرے سانس کو قوت سے اوپر (اندر) کو لے جائے اور دماغ میں پہنچائے سانس کی تنگی ہو جائے تو آہستہ آہستہ سانس کو چھوڑ دے اس وقت سانس چھوڑنے کا احساس بھی نہ ہو یعنی اتنا آہستہ چھوڑے اس طرح چھوڑنے کو تسکین و آرامگی کہا جاتا ہے اس طرح ایضاح (روشن و آشکارا) اور تمام تعین مرشد شیخ کی طرف رکھے جب سانس کی گرمی مغز (دماغ) میں آئے منی پگھل کر جسم آئے اور تحلم (احتلام) نہ ہو اور جب سانس دم حیات (زندگی کے سانس) کے ساتھ باہر نکالتے ہوئے جمع ہو وہاں ایک ہو جائے اسی مقام کو مجمع البحرین کا اشارہ دیا گیا ہے اور یہ مقام آب حیات کی طرح اہم ہے اس وقت عالم روحانی اور طیر و سیر ملتے ہیں۔

عِلمِ لَدُنِّی وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا[2]

ظاہر ہوتی ہیں خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوتی ہے عمر دراز ہوتی ہے ذاکر صاحب تصرف اور صاحب روزگار ہو جاتا ہے اس کام میں تجرید و تفرید چاہیے نیز ترک جماع بھی شرط ہے۔ ذکر پاس انفاس ایسا ذکر شریف ہے جس میں بہت برکت ہے۔

انفاس پلس دار اگر مرد عاشقی ملک دو کون ملک تو گرد بیک نفس

---

۱) یعنی سانس لے جاتے وقت لَا اِلٰہَ کہے اور نکالتے وقت الا اللہ
۲) ہم نے اپنی طرف سے اسے علم سکھایا پ ۱۵ سورہ کہف

۲۳ ص

(مراقبہ صفا' مراقبہ فنا' مراقبہ توحید مراقبہ ہوا کے بیان ہیں)

مراقبہ صفا کے لیے ذکر خفی یوں کیا جائے کہ آنکھیں بند نظر دل پر اور اللہ تعالیٰ کو اپنے نزدیک حاضر جانے اور اگر اسی حالت میں ملاحظہ فنا اور محویت ہو تو یہ مراقبہ فنا ہے۔ جو مراقبہ توحید بھی کہلاتا ہے۔

حضرت قطب عالم شیخ احمد عبدالحق قدس سرہ العزیز کے دوست اور مریدین مراقبہ فنا کا شغل کیا کرتے تھے اور دنیا ومافیا سے بے خبر ہو جاتے اور حضرت شیخ ما (حضرت عبدالقدوس گنگوہی) دامت برکاتہ شروع مین کچھ عرصہ اس مراقبہ میں رہے ہیں۔

ایک اور مراقبہ اس طرح کہ دونوں آنکھیں کھلی اوپر یا سامنے کی طرف ہوا میں دیکھیں اور کوشش کریں کہ پلکیں نہ جھپکیں اس مراقبہ میں پلکوں سے آتش ابھرتی ہے جو تمام جسم کو گھیر لیتی ہے۔ اس سے عشق پیدا ہوتا ہے اس کو مراقبہ ہوا کہتے ہیں اس مراقبہ میں بعض اولیاء اللہ نے سال ہا سال آنکھوں کو ہوا میں کھولے رکھا اور عالم تحیر میں رہے۔

ایک اور مراقبہ تنگ وتاریک کمرہ اور اندھیری رات آنکھیں کھلی ایک ایک مقام پر ٹھہری ہوئی۔ عالم قدس کے انوار چمکیں گے اور حق تک رسائی ہوگی۔ ہوا میں ایک عظیم بھید ہے ہوا سیدھی اور مستدیم (دوام) ہے

(۱) مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ

اس میں بھید یہ ہے کہ ہوا عالم خلد (جنتی دنیا) عالم صفا ہے (نہ نظر آنے والی) ہے اٹھارہ ہزار عالم شکل میں ہوا کی طرح ہیں جہاں تک ہوا ہے عالم کون ومکاں' دا کوان ہے اور جب ہوا سے گزر جائیں تو سبحان ولامکان ہے

اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى (رحمان عرش اعظم پر ہے)

جب یہ بھید ہے تو آپ ہوا بولتے تو ہیں مگر جانتے نہیں کہ ہوا کیا ہے

(۱) اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی اشیاء میں کوئی دیکھنے والا خلل اور بے ضابطگی نہ پائے گا۔

ایک اور مراقبہ یہ کہ اپنی دونوں کھلی ہوئی آنکھوں سے اپنے ناک کے دونوں طرف نیچے کو دیکھے اور اتنا غوز[1] اور فکر سے دیکھے کہ دنوں آنکھوں کی پتلیاں غائب اور سفیدی ظاہر ہو جائے جمعیت خاطر (سکون) اور خطرہ بندی پیدا ہو اس وقت بائیں آنکھ بند کر کے دائین آنکھ سے ناک کو دیکھیں یا اس کا عکس لیں یا دوسرا عمل یوں کریں کہ آنکھیں کھول کر نگاہ سینہ اور دونوں ہاتھوں پر ڈالیں اور کوشش کریں کہ نظر ایک جگہ ٹھہری رہے اور اس طرح کرنے میں غلطی نہ ہو ایسا کرنے سے دل کو جمیعت (سکون) (تسلی) ملتی ہے۔

نماز کے قیام میں نظر سجدہ کی جگہ رکوع کے وقت نظر پاؤں کی پشت پر اور سجدہ کے وقت نظر ناک کے نرمہ پر قعدہ میں نظر اپنی گود پر اس وقت دھیان تلاوت اور تسبیحات پر اس بات پر اشارہ ہے اور اس میں بھید ہے کہ نماز میں حضور قلب حاصل ہو اور ذہن بھٹک نہ جائے

فصل

محاربہ سالک کے بیان میں

ص ۲۴

سالک کو چاہیے کہ پہلے توبۃ النصوح[2] کرے عاجزی اور شرمندی سے استغفار کرے ظاہری اور باطنی پاکیزگی حاصل کرے ظاہری[3] طہارت کو تو علم ہے لیکن باطنی طہارت یہ ہے کہ دل کو برائیوں اور کدورت سے خیانت اور آمیزش سے پاک کرے اور اخلاص کی طرف کوشش کرے اور غیر حق کا خطرہ دل میں نہ لائے اور مرشد کی تلقین کے مطابق محاربہ میں مشغول ہو جائے۔ محاربہ دو طرح کا ہے محاربہ صغیر، محاربہ کبیر طالب منہ بند کر کے سانس روکے اور اسم ذات یعنی کلمہ "اللہ"

(۱) خوض :- زیر سے اور ضاد معجمہ پانی میں جا کر کوئی چیز تلاش کرنا (فکر)
(۲) النصوح :- فتح و حائے مہملہ :- صاف اور خالص توبہ کہ پھر گناہ نہیں کرتا ایک مرد کا نام ہے
جو حماموں میں دلالی کرتا تھا جسنے توبہ کا قصد کیا
(۳) بدن کی پاکیزگی نجاست حقیقی، حکمی اور لباس اور مکان کی پاکیزگی

ملاحظہ' واسطہ' شد' مد' رعایت سے دل میں ملاحظہ کرے تحت وفوق (اتار چڑھاؤ) اپنی طرف سے خوبصورت آواز اختیار کرنے کوشش کی جائے کہ ایک سانس میں چالیس بار ذکر ہو۔ یہی محاربہ صغیر ہے۔

جب یہ ذکر ایک سانس میں چالیس سے زیادہ ہوسکے اس کو محاربہ کبیر کہتے ہیں اس سلسلہ میں یوں کوشش کی جائے کہ ہر مرتبہ زیادہ ذکر ہوسکے یہاں تک کہ ملاحظہ واسطہ' شد' مد تحت وفوق کی رعایت سے ایک سانس میں ایک سوبیس بار ذکر ہو اور اس کو مقام محویت کہتے ہیں اور یہاں استغراق ظاہر ہوتا ہے اور **سلطان الذکر** ہوجاتا ہے۔

وَالْفَضْلُ بِيَدِ اللهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْم (1)

اس فقر (جلال الدین تھانیسری) کو اس مراقبہ کی دست رس حاصل ہے۔

فصل

مراقبہ کے بیان میں

جب طالب کو ذکر جلی میں ملال (2) (اندوہ' غم) ہوتا ہے تو ذکر خفی میں لگ جاتا ہے اور جب ذکر خفی میں ملال ہوتا ہے تو فکر میں آجاتا ہے اور جب اس سے بھی ملال ہوتا ہے تو مراقبہ میں مشغول ہوجاتا ہے اس کو مراقبہ تقید کہا جاتا ہے۔

لفظ مراقبہ رقیب سے مشتق ہے مطلب رقیب یہ کہ وہ نگہبان جو دل کو غیر حق کی یاد سے روکیں۔

پاسبان دل شوند در کل حال   تا نیا بد ہیچ درزد آنجا مجال

کہیں کوئی چور ڈاکو دل میں نہ آجائے اس لیے ہر حالت میں دل کی حفاظت کرتے ہیں

(1) فضل اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے جسے چاہتا ہے دے دیتا ہے اللہ تعالیٰ بزرگ فضل والا ہے۔

(2) ملال :- زبر سے کسی معاملہ میں غم اور افسوس میں آنا

۲۵
ص

مراقبہ میں نشست:۔
مراقبہ میں کئی طریقہ سے بیٹھا جاتا ہے۔

نمبر۱) نماز کے قعدہ کی طرح بیٹھیں دونوں ہاتھ زانو پر اور سر کو نیچے کو ڈال لیں اور یہ طریقہ مختیار (عام اختیار کیا گیا) ہے

نمبر۲) کتے کی نشست کی طرح سرین زمین پر زانوں کھڑے اور سر زانو پر

نمبر۳) مصیبت زدگان کی طرح دونوں ہاتھ پیچھے کی طرف گردن پر پیچھے پیٹھ پر دونوں ہتھلیاں گردن کے نزدیک صلب پر۔ اللہ تعالیٰ سے شرم حیا سے سر نیچے ڈال کر (جھکا کر) آنکھیں بند جمع خاطر اور دل پر نظر کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کرتے ہوئے کہ اللہ تعالیٰ میرے نزدیک موجود ہے اس علم میں اتنا غور و خوض کرے اور مستغرق ہو کہ غیر کا شعور بالکل ختم ہو جائے یہاں تک اپنا بھی شعور نہ رہے اگر پلک جھپکنے کے برابر بھی یہ خیال ٹوٹ جائے تو مراقبہ مکمل نہ ہوگا۔

تا بخودی اے نگارسر مست　　ہر گز نتوں بدوست پیو ست
بیخود چوشوی زخودبر آئی　بوئے رسدت ز آشنائی

جب تک بے خود نہیں ہوتا تو دوست (اللہ تعالیٰ) تک نہیں پہنچ سکتا۔ جب بے خود ہو کر اپنے آپ سے باہر آئے گا تیرے میں آشنائی کی بو آئے گی۔

دل کے آئینے میں ہے تصویر یار
جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی

(محاسبہ کے بیان میں)

(۱)
حَاسِبُوْا قَبْلَ اَنْ تُحَاسَبُوْا کے حکم کے مطابق اپنے قول فعل حرکت وسکون جو کچھ آپ کے وجود سے ہوتا ہے اپنے آپ سے (اپنے دل میں) اس کا حساب کریں اگر بہتر ہو تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں اور خیال کریں کہ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ہوا ہے (یعنی اس کی رضا اور مہربانی شامل حال رہی)

(۲) وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللّٰهِ اور اپنے آپ (نفس) کو (۳) خوشی دیں اور اس سے رعایت کر دیں (۴) فَاِنَّ لِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا

اور اگر شر (حساب کا نتیجہ منفی 'خرابی) ہو تو اپنے نفس کو ملامت کرو (شرمندگی دلاؤ) تا کہ وہ برائیوں سے رکے اور ندامت سے توبہ استغفار میں مشغول ہو جائے اور محاسبہ کے اوقات میں رات کا محاسبہ صبح اشراق کے بعد اور دن کا محاسبہ مغرب کے اوراد کے بعد ہے اور اگر ساعت بساعت (جلدی جلدی) ہر وقت غفلت آئے تو بہتر ہے کہ جلدی جلدی محاسبہ کرے اور ہوشیار رہے۔ یہ بھی سمجھ لیں کہ ہر شخص کا گناہ اس کے مقام اور مرتبہ کے مطابق ہے۔ عوام مومنین کا گناہ نافرمانی ہے مطیع لوگوں کا گناہ غفلت اور کاملین اور موحدین کا گناہ خودی اور دوئی ہے۔

(۵)
حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَيِّئَاتُ الْمُقَرَّبِيْنَ یہاں سمجھیں

(۶)
وَمَا شَغَلَكَ عَنِ الْحَقِّ فَهُوَ طَاغُوْتُكَ یہیں پہچانیں

---

(۱) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول جب آپ کا حساب لیا جائیگا اس سے پہلے ہی اپنا حساب خود لیکر درستی کرلو۔ حق تعالیٰ اپنی کتاب میں فرماتے ہیں۔

وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

(۲) اللہ کی ہی توفیق سے ہے۔ (۳) چہرہ پر تازگی ہونا کشادگی ہونا اور خوشی

(۴) حدیث مبارکہ کا ایک حصہ ہے کہ نفس کی درستی آپ پر حق ہے۔

(۵) یعنی اللہ تعالیٰ کے نزدیک نیکوکار کی نیکیاں ہیں وہ مقربین کے لیے گناہ ہیں حسنات ابرار ایک طرح حسنات ہیں اور دوسری طرح مقربین کے خلاف وہ گناہ ہیں۔ کیونکہ ان کی حسنات ہر طرح سے حسنات ہیں (۶) جو چیز تمہیں حق سے مشغول اور روگردانی غفلت کا سبب ہے وہ تیرے لیے بت اور شیطان ہے۔

فصل

۲۶ ص

مواعظ (نصیحت) کے بیان میں

اپنے نفس (اپنے آپ) کو وعظ کریں نصیحت اور نیک خواہی بتائیں کہ اللہ تعالیٰ کی یاد میں رہو غیر کی بندی میں نہ رہو یاد حق کے سوا جو کچھ کر رہے ہو اس میں عمر ضائع ہو رہی ہے۔ حرف عشق کے سوا جو کچھ پڑھا جاتا ہے بے کاری ہے۔ گناہوں میں قدم نہ رکھ۔ ورنہ دوزخ اور پکڑ کا سبب ہوگا۔ اور اس طرح اللہ تعالیٰ کے ہجر اور دوری کا موجب ہوگا اور اس کی تیرے میں طاقت نہیں۔ قَالَ اللّٰهُ تَعَالیٰ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ[1] اور یہ بھی سمجھ لے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کے لیے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پیروی ضروری ہے۔

فصل

(فکر کے بیان میں)

رَوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَفَكُّرُ سَاعَةٍ خَیْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ سَنَةٍ

فکر کے تین مرتبے ہیں ایک فکر عوام اپنے بچپن بلوغت پیران سالی اور بڑھاپے کے حالت، نفس امارہ کی ناپاکی جو وجود میں آئی دنیا کے عیوب اور بے وفائی اور حالات کی تبدیلی کے متعلق صرف ایک لمحہ کے لیے فکر اور اپنے آپ کو ان کا انتباہ کرنا ایک سال کی عبادت سے بہتر ہے۔ دوسرے فکر خواص اس کے متعلق

رَوِیَ عَنْهُ علیه السلام تَفَكُّرُ سَاعَةٍ خَیْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ سِتِّیْنَ سَنَةً۔

شیطان کے شر خواہشات نفس اور جوان خواہشات کے تابع ہیں اور حرص جاوداں کی نجات کے لیے ایک ساعت کا فکر عابدین کی ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

تیسرا فکر خاص الخاص کا

رَوِیَ عَنْهُ عَلَیْهِ السَّلَامُ تَفَكُّرُ سَاعَةٍ خَیْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ الثَّقَلَیْنِ

دل کو غیر حق کی آلودگی اور خطرات سے پاک رکھنے کے لیے ایک ساعت کا فکر جن وانس کی تمام عبادات سے بہتر ہے۔

---

(۱) آل عمران آپ فرما دیجئے اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرنا چاہتے ہو تو میرے (محمد مصطفےٰ صلی اللہ وسلم) کی پیروی کرو اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا صاحب طریقت نے تفسیر روح البیان میں خوب کہا ہے۔

تعصی الا له وانت تظهر حبه — هذا محال فی الفعال بدیع
لوکان حبك صادقاً لاطعته — ان المحب لمن یحب مطیع

اس محبت کا اظہار کرتا ہے اور گناہ بھی کرتا ہے دونوں کا یک جا ہونا ناممکن ہے۔
اگر تیری محبت سچی ہے تو تو اس کی اطاعت کرتا بیشک جسکی محبت کی جاتی ہے اس کا حکم مانا جاتا ہے۔

۴۷
ص

جو اذکار بیان کیے گئے ہیں انہیں جہریہ' صوریہ' خفیہ اور سریہ اذکار کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جب ان اذکار سے ترقی کرتا ہوا ذاکر کمال کو ترقی کرتا ہے تو ذکر معنوی اور حقیقی کا مقام آتا ہے اور مذکور (اللہ تعالیٰ) کا جمال ظاہر ہوتا ہے۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ

اللہ تعالیٰ کا فضل (مہربانی) ہے جسکو چاہتا ہے دیتا ہے وہ (اللہ) بہت بڑے فضل کا مالک ہے اس ذکر کو ذکر سر' ذکر روح' ذکر ذات' ذکر مشاہدہ اور تجلی کہا جاتا ہے۔ ذکر معنوی اور حقیقی میں حواس خمسہ معطل ہو جاتے ہیں اور اس معطل ہونے کے دو مطالب ہیں یا تو حس مدرک (احساس کرنے والی حس) کو بالکل خبر نہیں ہوتی سونے (نیند) کی حالت کی طرح غیوبت ظاہر ہوتی ہے یا دوسری یہ کہ ظاہر و باطن سے حس کو پیغام دیتی ہے مگر دل میں کچھ نہیں ہوتا چوپائیوں (جانوروں) کی طرح

وَهُوَ مَعَكُمْ کے حکم سے جو کچھ دیکھتا ہے تجلی جمال حق دیکھتا ہے۔ جو کچھ سنتا ہے اسی کی طرف سے سنتا ہے جو کچھ جانتا ہے (اس کے علم میں آتا ہے) ہے اسی کے علم سے ہے۔ بلا دلیل اچانک جب اس کی نظر جب نقاش پر پڑتی ہے تو اس تجلی کے نور میں نقش کو گم پاتا ہے اور یہ مقام مشاہدہ ہے جسکی کوئی انتہا نہیں۔

مرتبہ اول (شروع) میں نگاہ صفت سے صانع کی طرف آتی ہے تو ہر چیز میں اسکا صانع ملتا ہے۔ مَا رَاَيْتُ شَيْئًا اِلَّا وَرَاَيْتُ اللّٰهَ قَبْلَهٗ (۱) کا معاملہ ہے۔

دوسرے مرتبہ میں ہر چیز صانع' اور صنعت (بنی ہوئی چیز) کوئی نہیں

(۱) مجھے حق کے سوا کوئی چیز نظر نہیں آتی

یہاں مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ

(جس نے عرفان نفس کرلیا گویا اس نے اپنے رب کا عرفان کرلیا) کا بھید جلوہ گر ہے اور

اَلَآ اِنَّهُمْ فِیْ مِرْیَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ رَبِّهِمْ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ کا آئینہ دکھاتا

اور پردہ ہٹا کر وَهُوَ مَعَكُمْ اَیْنَمَا كُنْتُمْ کا اعلان کرتا ہے۔ بیت

در هرچه بدیدیم ندیدیم بجز دوست

معلوم چناں شد که کسے نیست مگر اوست

معلوم ہوا کہ کوئی نہیں ہے وہی ہے کیونکہ جس چیز کو دیکھا دوست ہی نظر آیا

این جهاں صورت است ومعنی دوست

در بمعنی نظر کنی همه اوست

یہ جہاں حروف کی شکل ہے جسکی حقیقت دوست اور اگر معنی پر غور کریں تو وہی ہے (یعنی اللہ)

این است کمال مرد راه یقین

در هرچه نظر کند خدارا بیند

جس چیز کو دیکھتا ہے اسے خدا نظر آتا ہے مرد راہ یقین کا یہی کمال ہے۔

اللہ تعالیٰ کی ذات ہے مگر معلوم ہوتا ہے کہ نہیں ہے اور جہاں یعنی دنیا معلوم ہوتا ہے کہ موجود ہے مگر نہیں ہے خدا کی حقیقت ہے سبحان اللہ عجیب کام ہے حیران کن اسرار ہے اور یار (اللہ تعالیٰ) بلند و عظیم ہے۔

۲۸ ص پیارے دنیائے ہست بود یعنی ہر ہستی حقیقت میں خدا تعالیٰ کی تجلی کا ظہور ہے اور دنیا جہاں غیر کو ظاہر کرتا ہے (الگ سے کوئی چیز معلوم ہوتی ہے) مگر غیر نہیں سوائے ایک اور حرف کے سوا کچھ نہیں چونکہ ہستی صرف اللہ تعالیٰ ہے غیر خدا نیستی ہے کیونکہ خدا تعالیٰ ہم سے غیب ہے اور غیب کی وجہ سے دیکھا نہیں جاسکتا اس کی شہادت (گواہی) نہیں دی جاسکتی افسوس اور نقصان کی یہی وجہ ہے کہ غیر کے لیے دلیل ہے۔ واللہ جب تجھے چشم بینا ملیں گی تو تیری آنکھوں کو اللہ کے سوا کچھ نظر نہ آئے گا۔

کجا غیر کو غیر کو نفس غیر سِوَی اللهِ وَاللهِ مَا فِی الْوُجُوْد (1)

غیر کہاں کون غیر اور غیر کا نفس کون واللہ وجود میں اللہ کے سوی کچھ نہیں

(1) کیا خوب کہا ہے اللہ اللہ لیس غیرك فی الوجود

دل قری الدیار غیر لدیہ اشہود

خوب بہت خوب دیدہ جہاں بین کے سامنے ہردم دوست (اللہ تعالیٰ) کے دوکمال جلوہ گر ہیں۔ دلہن کی طرح نیا جلوہ اور (مور کی طرح) خوبصورتی کا اشارہ کرتے ہیں غلط اور غیر دیکھنے والی نگاہوں کو سوائے غیر کچھ نظر نہیں آتا خسران (نقصان) بھی خوب ہے اور جرمان (بدنصیبی) بھی خوب ہے۔ اے دوست! (اللہ تعالیٰ) تو مجھ سے بھی میرے نزدیک ہے مگر میں تجھ سے مجبور اور دور ہوں اے اللہ تعالیٰ یہ گتھی(۱) (معما) کب حل ہوگا۔ یہ دوری حضوری میں اور یہ اندھیرا روشنی میں کب تبدیل ہوگا

(۲)
يَاغِيَاثَ الْمُسْتَغِيثِيْنَ اَغِثْنَا بِلُطْفِكَ وَكَرَمِكَ يَاأَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

پیارے غیر بین (غیر سمجھنے والا) خدا بین نہیں ہوتا خدا بینی کے لیے چشم جاں بین چاہیے تاکہ دل (جان) کی نگاہیں کھل جائیں اور صحیح خدا بینی ہو۔

دیدن روئے ترا دیدہ جاں بین باید
ایں کجا مرتبہ چشم جہاں بیں است

تیرے دیدار کے لیے جاں بین نگاہوں کی ضرورت ہے جہاں بین نگاہوں کو یہ مقام نہیں ملتا۔ اپنی ہستی سے گذر کر این و آن "من و تو"(۳) کی دوئی چھوڑ کر یکتا ہوکر ہی چشم جاں (دل کی نگاہ) کھلتی ہے اور خدا بینی حاصل ہوتی ہے۔ حضرت پیر دستگیر نے درست فرمایا اگر تو بخود نہ ہوگا تو تیرے ساتھ یہ خراس (پسائی کرنے والی چکی کولہو مراد یہ دنیا) نہ ہوگا۔ کسی عارف نے خوب کہا ہے

تاتو مے باشی عدد بینی همه　　چوں شوی فانی احد بینی همه

جب تو اپنے آپ کو باقی رکھے گا تجھے کثرت نظر آئے گی اور اپنے آپ کو فنا کردے گا تو تجھے وحدت نظر آئے گی

---

(۱) پردے میں (۲) اے فریاد کرنے والوں کی فریاد سننے والی مہربانی کرکے فریاد سن لے تیری مہربانیاں ہر طرف ہیں۔

(۳) اے آنکہ لقبلہ بتاں روست ترا برمغز چرا حجاب شد پوست ترا
دل در پئے این و آں نہ نیکو ست ترا
یك دل داری بس است یك دوست ترا

(۱)
وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

افسوس صد افسوس ہمارا اپنا وجود ہی درمیان میں پردہ بن کر ہمارے لئے قید و بند بنا ہوا ہے ورنہ جمال دوست (اللہ تعالیٰ کا جلوہ) ہر دم اور ہر جگہ ظاہر ہے۔

(۲)
اِذَا قُلْتُ مَا اَذْنَبْتُ قَالَ مُجِيْبًا — وُجُوْدُكَ ذَنْبٌ لَا يُقَاسُ بِهٖ ذَنْبٌ

۲۹ ص

خواجہ بایزید بسطامی رحمتہ اللہ علیہ اپنی مناجات (التجائی دعا) میں کہتے ہیں۔

(۳)
اِلٰهِيْ كَيْفَ الطَّرِيْقُ اِلَيْكَ

جواباً فرمایا دَعْ نَفْسَكَ وَتَعَالَ اپنے نفس کو چھوڑ اور میری طرف آجا۔ یعنی یہ حجاب تیرا اپنا ہونا ہے جب تو یہ حجاب الگ کردے گا میرے پاس پہنچ جائے گا۔

محو باید بود در ہر دو سرائے — پائے از سر ناپدید و سر ز پائے

دونوں جہانوں میں محو ہونا چاہیے اپنے متعلق کوئی خبر نہ رہے جیسے سر اور پاؤں ایک دوسرے کو نہیں دیکھ سکتے۔

پیارے عارف کی رسائی نور اللہ تک ہو جاتی ہے اور اس کی نگاہوں سے دوئی کا پردہ اٹھ جاتا ہے اور توحید کا نور آنکھوں میں آتا ہے تو اسے نور حقیقی کے سوا کچھ نظر نہیں آتا۔

جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ (۴) اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا حقیقت میں اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ موجود نہیں جو کچھ موجود ہے وہ ہمیشہ موجود ہے اور جو نہیں ہے وہ ہرگز موجود نہیں ہو سکتا۔

(۵)
اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلٌ

ماخود نہ ایم اوست حقیقت چو بنگری — عنقا بمکر آمدہ بر صورت زباں

حقیقت دیکھیں تو وہی ہے ہم خود نہیں مکھی ذباب کی شکل بنا کر عنقا آ گیا ہے

---

(۱) پ ۲ سورہ بقرہ تمہارا خدا یگانہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ رحمان اور رحیم ہے
(۲) جب دوست سے روگردانی کی پس مجھے جواب ملا کہ تیرا وجود بے مثال گناہ ہے
(۳) یعنی تیرا راہ کیسا ہے (۴) پ ۱۰ بنی اسرائیل دین حق آیا اور باطل ختم ہو گیا اور باطل دین ہر طریق سے باطل ہے اور ختم ہونے والا ہے (۵) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ شاعر لبید کا قول ٹھیک اقوال میں ہے۔ الا کل شی یعنی حق تعالیٰ کے سوا ہر چیز باطل ہے اور بے کار ہے ہر نعمت کا زوال ضروری ہے۔ ۶) عنقا:- لمبی گردن کا پرندہ ہے بعض کے نزدیک فرضی وجود ہے کیونکہ کسی نے نہیں دیکھا لمبی گردن کی وجہ سے اسے عنقاء کہتے ہیں فارسی میں اسے سیمرغ کہتے ہیں

اس بارگاہ عالی مرتبت کے منظور نظر اس سے برتر ہیں۔کہ ہر بوالہوس اور بوالفضول ان کو دیکھ سکے۔

عارفان مسند معرفت بغایت عالی است
بہوس ہیچ فضولے نہ دریں بار رسید
بانگ ارنی زسر ہوش بر آور کلیم
سنگ را بے خودی بود بد یدار آورد

اگر چہ موسیٰ کلیم تھے جب تک ہوش میں تھے پردہ میں رکھا گیا اور عشق کے اسرار پردہ میں سنائے گئے یہ مکالمہ کا مقام ہے۔مقام صفات سنگ سلیم (پتھر کا نام) جو بے خودی میں راہ راست پر تھا پردہ اٹھا کر بے پردہ ہوا جناب مسعود بک کہتے ہیں

عاشق مستی اگر بے خود و بے کار باش
بے خبراز خویش شو با خبر از یار باش
نیست شو نیست شو باز زسر ہست شو
از منی جاں ہست شو کا ہش ہوشیار باش
بار خودی فگن برسر شیطاں زسر
بے سرو بے پائے شو بے خود و بیدار باش

بے خود اپنے سے بے خبر ہو کر یار سے باخبر ہو۔مٹ کر پھر زندگی پا جا
اپنی خودی کا بوجھ شیطان پر ڈال یار کے آگے عاجز ہو کر ہی یار سے باخبر ہوگا
سمجھ لیں کہ ذکر حقیقی و معنوی کہ یہ ذکر سر' ذکر روح ذکر ذات' ذکر مشاہدہ اور تجلی جو ذکر لسانی و ذکر قلبی کا ثمرہ ہے (کی وجہ سے ہے)

ذکر قلبی جو حروف' صورت اور خطرہ ہے ذکر نفس ہے اور جب خطرہ نہ رہے تو ذکر دل ہو جاتا ہے جو حروف اور صورت ہے اگر چہ دل مٹی اور پتھر کی منزل ہے مگر دل اور مٹی میں ہزاروں میل کی دوری ہے اور جب حروف اور صورت نہیں رہے ترقی حضوری پاتی ہے اس وقت ذکر دل ہوتا ہے اور کسب پورا ہوتا ہے پھر جذب ربانی اور نور سبحانی کی سیر اور ترقی ہوتی ہے۔ہمارے شیخ (حضرت عبدالقدوس گنگوہی رحمتہ اللہ علیہ) کا فرمان ہے۔ ص ۳۰

ذکر حق چوں بصفت دل شدہ　　مرکب قرب بمنزل شدہ

حق کا ذکر جب دل کی منزل میں آتا ہے منزل کے قریب جانے کے لیے سواری ہوتا ہے۔

بات یہ ہے کہ اس مرتبہ (مقام) کے ذکر کی قدر سوائے اللہ تعالیٰ کوئی نہیں جانتا ملائیکہ (فرشتہ) کی تو اس مقام پر پہنچ ہی نہیں اگر چہ دل کا مقام سب سے نزدیک تر ہے پھر بھی اسے ذکر سرّ ذکر روح تک پہنچ اور ہمیشہ تجلی مشاہدہ اور متصرف عالم ہونے کے لیے ترقی کی ضرورت ہے۔ وَسَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ (۱)

کا اظہار ہو جائے وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً (۲)

کی تکمیل ہو کہ ہر طرف انوار و تجلیات کا ظہور ہو جائے تاہم یہ مقام بھی آخری مقام نہیں

ہیچ کس ایں راہ را پایاں نیافت　ہیچ کس ایں درد را درمان نیافت

اس راستہ کی آخری منزل نہیں ملی یہ ایسا درد ہے کہ اسکا علاج نہیں۔

اسی لیے طالب صادق جہاں تک ہو سکے دن رات کو ذکر خفی اور ذکر جہری میں مشغول رہے ذکر کے دوام (ہمیشگی) کے لیے فراغ (فرصت) شرط ہے اور فرصت کے حصول میں چار چیزیں رکاوٹ ہیں خلق، دنیا، نفس، شیطان۔ پس منع کرنے والی شرطیں مشروط کی بھی مانع ہیں (رکاوٹ ہیں) اسی لیے علائق دنیا اور اس کے اہل سے بھی قطع تعلق کیا جائے۔ طعام میں کمی کی جانے۔ چنانچہ طعام اور مشروب (۳) ضرورت کا ثلث (1/3) یا نصف (½) حصہ لے۔ قلت منام (تھوڑی نیند) ضروری خیال کرے اور ہمیشہ باوضو رہنے کا خیال رکھے اور جب کبھی گڑبڑ ہو کر غلطی ہو جائے کوشش کرے ذکر کی طرف توجہ دے بہت کوشش کرے انشاء اللہ تعالیٰ محبت خدا دل میں آجائے گی خلوت اور جلوت یکساں ہو جائے گی۔

(۱) سورہ لقمان پ ۲۱ جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے تمہارے حکم کے تابع کر دیا

(۲) سورہ لقمان　تمام ظاہری اور پوشیدہ نعمتیں آپ کے لیے مکمل کر دیں (۳) تیسرا حصہ یا نصف پیٹ خالی رکھا جائے۔

سعدیاهر زماں که دست دهد　باسر زلف آن نگار آویز

سعدی جب تک ہمت ہو　اللہ تعالیٰ سے لگاؤ قائم رکھ۔

اتنی کوشش کریں کہ ذکر زندگی کا حصہ ہو جائے اس طرح کہ اگر بے ذکر زندہ نہ رہ سکے۔

اسی مقام کے لیے کہا گیا ہے کہ جب تک عاشق کی محبت معشوق کا دامن پکڑتی ہے اس وقت تک رہائی (چھٹکارا) کی جگہ ہے اور جب معشوق کی محبت عاشق کا دامن پکڑ لے تو رہائی (چھٹکارا) نہیں اور اذکُرکَم[1] کا مطلب سامنے آنے لگتا۔ حضرت[2] رابعہ بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا ہے پس دنیا میں دوست (اللہ تعالیٰ) کے ذکر سے ہی میں زندہ ہوں اور آخرت میں اسی کے دیدار سے زندگی ہوگی۔ آپ سمجھ لیں کہ ذکر میں اپنے آپ کو بھول جانا اس طرح کہ اسرار ربانی اور انوار سبحانی ذاکر کی جان مین پیدا ہوں اور اس نور کے شہود کی چمک اور مذکور (اللہ تعالیٰ) کے حسن و جمال کی لذت میں محو (مستغرق) ہو اور تجلی حق نصیب ہو اور جب لذت جمال میں مستغرق ہوتا ہے اور حق محویت حاصل ہوتا ہے اور دنیا و مافیہا سے بے خبر اور بے شعور ہو کر منزل مقصود پر پہنچ جاتا ہے اور یہی انتہائے ذکر ہے۔ ص ۳۱

مراز دیدن رویت فزونست گویائی

آپ کے چہرہ کا دیدار کر کے میری گویائی (گفتگو) میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

---

(۱) فاذکرونی اذکرکم کی طرف اشارہ ہے یعنی تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا

(۲) رابعہ بصری ابتدائے اسلام کے زمانے کی عظیم عارفہ تھیں صاحب کرامات اور بلند مقامات کی حامل تھیں جو اتنے زیادہ ہیں کہ تحریر و تقریر سے زیادہ ہیں اس زمانہ نے علماء اور آئمہ عظام مسائل دریافت کرنے اکثر ان کے پاس آتے تھے۔

فصل

ذکر میں ذاکر کے لیے چار مقام ہیں ذکر زبان' ذکر دل' ذکر سر اور ذکر روح جیسا کہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے ذاکر میں ذکر کے لیے تین مقام ہیں۔ استلاء ذاکر بر ذکر اور وہ یہ ہے کہ ذاکر اپنے ارادہ سے ذکر اختیار کرتا ہے اور بے خود ہو جاتا ہے اس کو (اصطلاح میں) کشائش کہا جاتا ہے۔ حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ اس مقام پر دس سال رہے۔ پھر ذکر میں قرار پیدا ہوا۔ دوسرے استیلاء ذکر بر ذاکر' اس مقام پر ذکر زندگی ہو جاتا ہے اور نفس اور علائق قید ہو جاتے ہیں پھر
اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (۱) کا ظہور ہوتا ہے۔ تیسرے استیلاء مذکور بر ذاکر یہ مطلوب مطلق کی تجلی اور شہود حق کا مقام ہے۔ جیسا کہ لکھا گیا ہے کہ حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ نے کشائش کے مرتبہ پر دس سال محنت کی جب استیلاء ذکر بر ذاکر کا مقام آیا تیس ۳۰ سال غیر حق کا خطرہ دل میں نہ آیا اور یہ ان کی خلوت کا مقام ہے سبحان اللہ ہمارے شیخ (حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہی قدس سرہ العزیز) مدظلہٗ وزید برکاتہ کے طریق میں طالبان صادق اور محبان تھوڑے ہی عرصہ میں اس نعمت کو حاصل کر لیتے ہیں۔ اَلْحَمْدُ عَلٰی ذٰلِکَ

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ۝ (المزمل)

اپنے رب کے نام کا ذکر کرتے رہیں اسی کے ہو رہیں

(۱) خبردار یعنی سمجھ لو اللہ تعالیٰ کی یاد سے دلوں کو آرام ملتا ہے۔

سمجھ لیں کہ جب طالب جمال مطلوب کے استغراق میں اپنے آپ اور ساری کائنات کو معدوم دیکھتا ہے اور دونوں کو ایک سمجھتا ہے اس معاملہ میں خود (میں) اور کائنات (یعنی دو) کا اظہار ہو تو سمجھ لیں کہ ایک طرح کی (خودی) دوئی موجود ہے۔

اے کاش نبود مے عراقی کزتست همه فساد باقی

۳۴ کیا اچھا ہوتا کہ عراقی نہ رہتا کہ یہ ساری خرابی تیری ہی وجہ سے ہے۔ (۱)

ص جب طالب سے غیرت ختم ہوتی ہے اور اس کے حالت سے لَا تُبْقِیْ وَلَا تَذَرُ کا اظہار ہوا اور اس کا اثر (ظاہر) اور نہ خبر (باطن) رہتی ہے جیسے کہ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک دن لیلیٰ مجنوں کے سامنے آئی اور کہا کہ یہ (میں) لیلیٰ ہوں جو تیری مطلوب ہے تو مجنوں نے جواباً کہا اَنَا لَیْلٰی اَنَا لَیْلٰی (۲) جیسا کہ کسی نے کہا ہے

تو درو گم باش توحید این بود گم شدن کم کن که تفرید این بود

تو اس میں گم ہو جا یہی توحید ہے۔

سلطان عارفان اسی مقام پر فرماتے ہیں۔

(۳)

تا غا یتِ من او رامے جستم خود رامے یافتم
اکنوں سی سال است که خودرا می جو یم اد رامے یا بم

جب میں اپنی ضرورت کے مطابق اسے تلاش کرتا تھا۔ میں اپنے آپ کو پاتا تھا اور اب تیس 30 سال سے میں اپنے آپ کو تلاش کرتا ہوں تو اسے ہی پاتا ہوں۔

کیسا بہترین سرمایہ ہے۔

جمال دوست چندان سایہ انداخت کہ سعدی ناپدیداست از حقیری

سعدی کمتر اور چھوٹا ہونے کی وجہ سے نظر آنا بند ہوگیا کیونکہ دوست کے جمال (اللہ تعالیٰ) کا اس نوعیت کا سایہ مجھ پر آیا۔

---

(۱) محبوب و مطلوب حقیقی کے عشق کی آگ کوئی چیز باقی نہیں چھوڑتی

(۲) میں ہی لیلیٰ ہوں (۳) حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ

یہ مقام نوادرات کی طرح ہے اور بہت کم میسر آتا ہے کسی کو آسمانی بجلی کی طرح بہت کم وقت کے لیے اور بعض کو اس سے زیادہ کبھی کبھی ظاہر ہوتا ہے

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ

فصل

طالبان تین قسم کے ہیں قال اللہ تعالیٰ (1) فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ
ایک گروہ اپنے نفس پر جبر وظلم کرنے والے عبادت و زہد کرنے والے طالبان حق ہیں وہ صفائی کے دائرہ میں تاہم انہوں نے دنیا نہیں چھوڑی اور مکمل پاکیزگی حاصل نہیں کی دوسرا گروہ مقتصد کا (۲) وَالْاِقْتِصَادُ هُوَ الْاِعْتِدَالُ وَالْعَدْلُ وَالْمُقْتَصِدُ هُوَ الْعَادِلُ
یہ گروہ دل کی سیر کی منزل میں ہے کہ ان کے دلوں کی صفائی ہو گئی ہے اور وہ سیر الی اللہ کی طرف چل دیئے ہیں۔ تیسرا گروہ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ
کا ہے۔ جو حق تعالیٰ کے مقربین ہیں کمال کو پہنچ گئے ہیں انہیں حق کے سوا کچھ نظر نہیں آتا انہیں فنائے (۳) مطلق حاصل ہو گئی ہے۔

دربحر فناچوں غوطه خوردند جزحق همه راوداع کردند
جب بحر فنا میں غوطہ لگایا تو اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز کو الوداع کہہ دیا یعنی چھوڑ دیا۔
سابق بخیرات کا اشارہ اس طرف ہے کہ یہاں مقصود منقود ہے اور مطلوب اپنے پاس ہے۔
دیگراں را وعده فردا بود لیك مار انقد همه اینجا بود
ہمارے لیے سب کچھ یہیں موجود ہے کل کا وہ وعدہ دوسروں کے لیے ہے۔

چنانچہ یہیں فیصلہ کیا گیا ہے کہ (پہلا گروہ) ظالم نفس شبہ میں ہے۔ (دوسرا گروہ) مقتصد متصوف ہیں اور (تیسرا گروہ) سابق بالخیرات صوفی ہیں۔

(۱) پ ۲۲ سورہ فاطر یعنی ان میں سے کچھ اپنے نفوس پر ستم گار بعض میانہ رو اور بعض نیکیوں کی طرف سبقت لے جانے والے (۲) اعتدال کو اقتصاد اور عدل کو اور میانہ رو کو عادل کہتے ہیں۔ (۳) فنائے مطلق:- ذات گم ہونا

فصل

۳۳ لوگ تین قسم کے ہیں پہلی قسم چوپایوں کی طرح کہ ان کی کوشش کھانے پینے اور شہوات کے پورا کرنے پر ہے۔ وہ لوگ (۱) اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ اسی طرف اشارہ ہے
ان کے اندر دنیا اور اس کے مال و اسباب کی طلب کے سوا کچھ نہیں۔
اس میں تعجب کی بات نہیں کہ اس گروہ کے لوگ حب دنیا کی شامت کی وجہ سے دنیا سے بے ایمان جائیں اَلْعِیَاذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِكَ
دوسری قسم فرشتوں کی طرح ہے کہ ان کی کوشش ہمیشہ عبادت حق و تسبیح و تہلیل ہے اور (۲)
یُسَبِّحُوْنَ اللَّیْلَ وَالنَّهَارَ لَا یَفْتُرُوْنَ
رات دن اطاعت کرتے ہیں۔ یہ لوگ عبادت گزار اور زاہد ہیں۔ اس طرح یہ لوگ فرشتوں کی طرح ہیں اور ایک لحہ بھر میں فرش سے عرش پر پہنچ جاتے ہیں اور عرش سے فرش پر آ جاتے ہیں چونکہ یہ مقام تسبیح و تہلیل پر ہیں اس لیے ابھی تک راہ میں ہیں ان لوگوں نے دنیائے فانی اور اس کے خطرات سے دل نہیں لگایا اور ہمیشہ رہنے والی آخرت جو صاف پاک ہے کی طرف رغبت اور توجہ کر رکھی ہے اس جہاں کے اونچے درجات کے لیے انہوں نے اس جہاں میں اپنے آپ کو عبادات کی تکلیف میں رکھا ہوا ہے اس لیے یہ گروہ پاک ہے مگر پھر بھی انہوں نے غیر پر بھروسہ کیا ہوا ہے اس لیے یہ لوگ کم ہمت ہیں۔

اینها که بجز روئے تو جائے نگر انند کوته نظر انند چه کوته نظر انند

یہ لوگ جو تیرے سوا کہیں اور بھی دیکھتے ہیں یہ بہت ہی کوتاہ نظر ہیں
منقول ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام عابدوں اور زاہدوں کے پاس سے گزرے اور ان سے پوچھا کہ اتنی عبادت اور زہد کیوں کرتے ہو انہوں نے جواب دیا کہ دوزخ سے ڈرتے ہیں اور

(۱) پ۹ سورہ اعراف:۔ وہ چوپایوں کی طرح ہیں
(۲) دن رات تسبیح پڑھتے ہیں اور سستی نہیں کرتے

اس طرح عبادت سے جنت کی امید کرتے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ ایک مخلوق سے ڈرتے ہو اور دوسری مخلوق کی امید کرتے ہو۔

اس کے بعد ایک اور قوم (لوگوں) کے پاس سے گزرے یہ بھی عابد اور زاہد تھے ان سے پوچھا کہ اس عبادت کا تمہار کیا مقصد ہے۔ انہوں نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کی محبت کے لیے عبادت کرتے ہیں عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ تم اللہ تعالیٰ کے دوست ہو مجھے حکم ہوا کہ تمہارے ساتھ زندگی گزاروں وہب رضی اللہ عنہ سے نقل ہے کہ انہٗ قال قال اللہ تعالیٰ فی الزبور من اظلم ممن عبدنی لجنۃ او نار لو لم اخلق جنۃ ولا نارا الم اکن اھلا لان اطاع

حق تعالیٰ نے زبور میں فرمایا کہ جو بہشت اور دوزخ کی وجہ سے عبادت کرتا ہے اس سے زیادہ ظالم کوئی نہیں اگر میں انہیں (بہشت اور دوزخ) کو پیدا نہ کرتا تو یہ اہل اطاعت سے نہ ہوتے۔ ص ۳۴

لوگوں کی تیسری قسم پیغمبروں کے مشابہ ہے جنکا مقصود اور مطلوب اللہ تعالیٰ کی ذات پاک ہے ان کی نگاہوں میں غیر حق نہیں سما سکتا عرش بفرش نہ تجلی قلب المؤمن عرش اللہ تعالیٰ اسی لیے ہے۔ دل کو کون و مکان سے پاک رکھتے ہیں اور توجہ ہمیشہ مولیٰ کی طرف اور جو کچھ غیر مولیٰ ہوگا اس کی طرف توجہ نہ کریں گے انہی کو سلطان ہمت کہتے ہیں۔ اُولٰئِکَ الْمُقَرَّبُوْنَ ان کے دل محبت کی آگ میں جلے ہوئے اور اس (اللہ تعالیٰ) کی محبت میں لگے ہوئے عشق نے ان کے دل مین جگہ کی ہوئی ہے اور ان ضمیر میں اس کے سوا کوئی چیز نہیں (۱)

اَعْدَدْتُ لِعِبَادِیَ الصّٰلِحِیْنَ مَالَا عَیْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰی قَلْبِ بَشَرٍ

ان کی دولت ہے اگرچہ وہ مرجاتے ہیں مگر مرتے نہیں وہ ملک حق میں دوست کے مشاہدہ میں زندگی بسر کرتے ہیں۔ اِنَّ اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ لَا یَمُوْتُوْنَ اَبَدًا

ایسے ہی لوگوں کے لیے کہا گیا ہے۔

ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَاءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا هِمَّةً وَّاسْتِقَامَةً فِي الدِّيْنِ وَاَدَبًا فِي جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ
وَارْزُقْنَا مُتَابَعَةَ اَنْبِيَآءِكَ وَاَوْلِيَآءِكَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْهُمْ وَمَعَهُمْ
فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ بِلُطْفِكَ وَبِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۞

تمام شد

چه خوش گفت صاحب طریقت در تفسیر روح البیان

تعصی الا له وانت تظهر حبه هذا محال فی الفعال بدیع

لو کان حبك صادقا لا طعته ان المحب لمن یحت مطیع

حاشیہ ص 55

ا) صحیح بخاری شریف اور صحیح مسلم شریف میں روایت کی گئی حدیث مبارکہ کی طرف اشارہ ہے۔ حق سبحانہ و تعالی فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے بندگان صالح کے لیے ایک ایسی چیز مہیا کی ہے کہ کسی ذات کی آنکھ نے اسے نہ دیکھا نہ کسی کان نے اسے سنا اور نہ اسکی ماہیت کسی دل پر آئی کہ اسکی خوبی اور خوش آواز سے خوش یا خرابی سے ناخوش ہوتا۔ اسی مطلب کو قرآن کریم میں یوں بیان کیا گیا فلا تعلم نفس ما اخفی لھم من قرۃ اعین ان کی خوشی میں جو کچھ چھپا رکھا ہے کوئی بھی کچھ نہیں جانتا۔ یعنی لوگوں کی خوشی کے لیے صلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمدٍ وَّآلہ وَاَصحابہ اَجمعین وَاٰخِرُدَعوانا اَنِ الحمدُللہ رَبِّ العٰلمین اَللّٰھمّ اَغفِرْ لکَاتب المذنب حبیب اللہ

تقریظ از حضرت خواجہ شاہ غلام حُسین چشتی صابری حیدر آباد دکنی عم فیضہٗ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ قُلُوْبَ الْعَارِفِيْنَ مَصْدَرَ اَنْوَارِهٖ وَجَعَلَ لِسَانَ الذَّاکِرِيْنَ مَخْزَنَ اَسْرَارِهٖ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی حَبِيْبِهِ الَّذِیْ وَرَدَ لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ فِیْ شَانِهٖ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ فَازُوْا مِنْ اَنْوَارِ مَحَبَّتِهٖ وَالتَّابِعِيْنَ وَتَبَعِ التَّابِعِيْنَ وَمَنْ تَبِعَهُمْ اِلٰی يَوْمِ الدِّيْنِ اٰمِيْن

حضرت خواجہ شاہ معین الدین حُسینی المعروف بہ شاہ خاموش حیدر آبادی (دکنی) کی بارگاہ کے سجادہ نشین سلطان السالکین حضرت مرشدنا شاہ محمد ہاشم چشتی صابری مدظلہ العالی کی خانقاہ کا جاروب کش بندہ درگاہ فقیر غلام حسین شاہ حنفی چشتی صابری حیدر آبادی (دکنی) عرض کرتا ہے کہ سلطان العاشقین سید الکاملین حجۃ الاولیاء برہان الاصفیاء حضرت شیخ جلال الدین محمود تھانیسری رحمۃ اللہ علیہ خلیفہ اعظم شمس العارفین سلطان التارکین حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہی حنفی چشتی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام معجزہ بیان حضرت جناب صوفی سید شاہ علی اصغر صاحب چشتی صابری کے طالبان صدق و اردات کے مفاد کے لیے حضرت مولانا مولوی خواجہ سید شاہ محمد حسین صاحب چشتی صابری مراد آبادی دام فیوضاتہٗ کے حکم پر مولانا حاجی صوفی نور احمد صاحب پسروری صدر انجمن نعمانیہ امرت سر دام فیضہ نے حاشیہ اور درستی کرا کے مکتبہ آصفیہ علوم اسلامیہ امرت سر نے مطبع مجددی امرت سر سے طباعت کرایا۔

الحمدللہ خوشی کا مقام ہے اس کلام (کتاب) ایک خوبصورت پاکیزہ گلدستہ کی طرح ہاتھوں ہاتھ لیکر اس کی طرف اپنی زندگی لگا دینی چاہیے۔

والحمد للہ علیٰ ذالک هو المولیٰ و الصلوٰۃ والسلام علیٰ حبیبہٖ و آلہٖ و اصحابہٖ اجمعین آمین ثم آمین

قطعہ تاریخ طبع از فقیر سید غلام حُسین شاہ غلام چشتی صابری حیدر آباد دکن

اے غلام ہم سلسلہ چشتہ صابریہ سے منسلک طالبین کے لیے سلوک کے بحر معانی پر حضرت جلال الدین محمود تھانیسری رحمتہ اللہ علیہ نے کتاب "ارشاد الطالبین" ارشاد فرمائی۔

یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہمیں شاہ دین (حضرت موصوف) کی طرف سے بلا قیمت خزانہ ملا ہے اس کی طباعت میں حضرت اصغر صابری مدظلہ حالی کا شوق اور کوشش شامل ہے۔

تاریخ طباعت کے لیے جب مصرع تلاش کیا گیا تو غیب سے اطلاع ملی

کان عرفان است راہ یقین ۱۳۲۷ھ (اس میں الف مضمر ہے)

ترجمہ از

محمد یونس صابری

یکم محرم الحرام ۱۴۲۲ھ

27 مارچ 2001ء بروز منگل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شجرہ شریف خواجگانِ چشتی صابری

تصنیف شدہ

پیر قدرت اللہ صاحب قدس سرہٗ العزیز

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ مدد کرو یا شیخ نہانی
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمَانِ تو محمد یونس پیر رحمانی
منظور احمد ہیں منظور المشائخ تو قدرت قادر سر نہانی
تو گوہر علی احمد افضل تو حافظ پیر حفیظ مدامی
سید اعظم سالم اطہر جو بھیکھ تجھے مقبول مقامی
معالی والی داؤد گنگوہی تو صادق صدق صدیق جہانی
ابو سعید نظام ہے تو ہی تو ہی جلال ہیں فخر تمامی
قدوس گنگوہی محمد عارف تو احمد عارف عشق تمامی
عبد الحق جلال ہے تو ہی تو شمس الدین ہیں شمس گرامی
صابر صبر فریدی تو ہیں تو قطب الدین ہے قطب ربانی
معین الدین عثمان ہارونی تو حاجی پاک شریف کلامی
تو ہی مودود ہیں یوسف ناصر تو ابو محمد شرف تمامی
تو احمد، ابو اسحاق شامی تو علو ممشاد ہیں نور افشانی
پیر ہبیرہ خواجہ مرعش تو ابراہیم بلخی سلطانی
تو ہی فضیل ہیں عبد الواحد تو ہی حسن ہیں پشت تمامی
شاہ علی مرداں ہیں تو ہی ہر نسبت نہیں ہے تیرا ثانی
تو ہی محمد صلی اللہ علیہ وسلم، تاج لولاکی خالق خلق مخلوق تمامی
سید عبد القادر تو ہیں سب ولیاں سر قدم گیلانی
میں مسکین اثیم ہوں تیرا تو قدرت کا ہے، قادر باقی

منم منظور احمد سرگردانی
نہ دارم جز درِ تو آستانی

والذین جاهدوا فینا لنهدینهم سبلنا

الحمد لله که درین ایام خیر و برکت التیام تصنیف منیف قدوة السالکین
سراج العارفین حضرت خواجه جلال الدین صاحب تهانیسری رحمة الله علیه

ارشاد الطالبین

به تصحیح تمام و سعی مالا کلام حضرت مولانا حاجی نور احمد صاحب چشتی پسروری دام الله برکاتهم
بخاطر خاطر حضرت سید علی اصغر ابن سید پیر احمد شاه صاحب مرحوم و مغفور سجاده نشین

در مطبع محمدی امرتسر مطبوع گردید

۲

حق حق حق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَعْطَی الطَّالِبِیْنَ شَوْقَ لِقَائِہٖ وَاَیَّدَ لِلْمُشْتَاقِیْنَ
ذَوْقَ رِضَائِہٖ وَالَّذِیْ جَعَلَ ذِکْرَہٗ اَعْلٰی حَیْثُ قَالَ فِیْ کَلَامِہِ الْمَجِیْدِ
وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ وَخَیْرُ وَسِیْلَۃٍ اِلٰی اِجْلَاءِ الْقَلْبِ حَیْثُ قَالَ حَبِیْبُہٗ
الْمُجْتَبٰی لِکُلِّ شَیْءٍ مِصْقَلَۃٌ وَمِصْقَلَۃُ الْقَلْبِ ذِکْرُ اللّٰہِ تَعَالٰی
وَالصَّلٰوۃُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْمُصْطَفٰی مُحَمَّدٍ الَّذِیْ اَرْسَلَہٗ بِالْھُدٰی مُبَیِّنًا
مَنَاہِجَ الْوُصُوْلِ لِلْوَرٰی بِالْمِلَّۃِ الْحَنِیْفِیَّۃِ الْبَیْضَاءِ وَالسُّنَّۃِ الشَّرِیْفَۃِ الزَّھْرَاءِ
وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَوْقَا عِدَّ الدِّیْنِ وَعَلٰی اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ

امابعد فقیر حقیر جلال الدین محمود تھانیسری بفضل اللہ وعونہ بتالیف این رسالہ مسمّٰی بہ ارشاد الطالبین وبیان ذکر توفیق یافت یعنی اہل دین ودرومان یقین را از حضرت مرشد الحق والحقیقت واہل اللہ موحد درگاہ حضرت شیخی ومرشدی قطب الاقطاب شیخ المشائخ حضرت شیخ عبد القدوس گنگوہی الحنفی الحنفی الصابری متع اللہ الطالبین بطول بقائہ مشرف بتلقین شدہ بود ودرین جمع کردہ وبتسطیر این سطور پرداخت۔ تا طالبان صادق بہرہ مند شدہ مر این بے بہرہ را بدعا تحہ یاد کنند

حسبنا اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر

تعالیٰ وابقاہ
واعطاہ بالجنۃ
آمین

٣

بدان وفقک الله تعالیٰ علیٰ طلبه وأوصلک إلی معرفته که سرمایهٔ همه مقاصد و منتهای مطالب طلب محبت و معرفت ذات جل و علا است و خلقت انسان از جهت عرفان است وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون. ای لیعرفون می آمد که مهتر داود علیه السلام مناجات کرد و گفت الٰهی لماذا خلقت الخلق فرمان شد کنت کنزا مخفیا فاحببت ان اعرف فخلقت الخلق لاعرف یعنے خلق را از جهت عرفان خود پیدا کردم تا مرا بشناسند و بیاد آرند عزیز من هر که را سعادت عرفان ربانی دادند و دولت معرفت سبحانی نصیب وے کردند وی را از همه برگزیده و همه دولتها و نعمتها رسانیدند که من له المولیٰ فله الکل و هر که را این نعمت فوت شد وے هیچ نیافت و حرمان و خسران نصیب وے شد که من فاته المولیٰ فاته الکل ؎

آنکس که ترا ندید او هیچ ندید — آنکس که ترا نیافت او هیچ نیافت

بدانکه راه خدا تعالےٰ در مشرق و مغرب و جنوب و شمال نیست و در زمین و آسمان نیست بلکه در بهشت و عرش هم نیست راه خدا تعالیٰ در درون تست وفی انفسکم افلا تبصرون رمز این سخن است راه خدا تعالےٰ بدل توان رفت نه بقدم که کار جوارح عبادت است نه معرفت لا یسعنی ارضی ولا سمائی ولکن یسعنی قلب عبدی المؤمن سر این سر است قلب المؤمن عرش الله تعالیٰ بدین معنے است و آن دلی است که از غیر حق خالی است

[illegible]

وہموارہ دریا دنہ خونی جاری است دل کہ بغیر حق مشغول است خانہ دیو است

دل یکے منظریست رحمانی　　خانۂ دیو را چہ دل خوانی

طالب حق را بر حکم طلب واجب است کہ خدمت وکفش برداری صدیقی کند کہ درین راہ رفتہ باشد ونشیب وفراز این راہ دریافتہ باشد ومقتدائے شریعت وطریقت وحقیقت ومعرفت گشتہ باشد تا آن مرشد کامل آن طالب صادق را راہنمائی بہر چیز کند ومرید صادق مہذب بافعال واخلاق حمیدہ وسایۂ دولت آن مرشد کامل گردد وقال اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ وقال علیہ السلام الرفیق ثم الطریق

رہبرے جو کہ درین وادیہ پر سوراہ است　　مرد سرگشتہ چہ داند کہ کجا باید رفت

وارشاد حاصل نشود مگر بقول صحبت مرشد یا افعال واحوال واخلاق او ودانستن وبدان عمل کردن ومواظبت نمودن میسر آید وچندی بر شائستہ درگاہ گردد ومقتدائے روزگار شود بتوفیق اللہ تعالیٰ

فصل

بدانکہ ابتدای این راہ از شریعت است چنانکہ فرائض وواجبات وسنن ومستحب وآداب جملہ بجا آرد ولقمہ وجامہ وجائے وتن خود را از حرام وشبہ واز پلیدی وخبث وجنابت پاک دارد وحواس خمسہ را از لوث معصیت نگاہدارد این را طہارت جوارح گویند واز معاصی واین جملہ شریعت است پس از آن راہ طریقت است کہ دل خود را از اخلاق ذمیمہ چنانکہ حب دنیا وحب جاہ وحب شہوت وحسد وکینہ وکبر وحرص وبغض وبخل وغیر ذالک پاک دارد وبصفات حمیدہ چنانکہ صدق وصفا وحلم وسخاوت ومروت ووفا واحسان با خلق وحسن خلق وصدق معاملہ با خلق وجز آن آراستہ گردد واین را گردش خوانند وتبدیل اخلاق دانند

۵

واین مجنتے عظیم است و بے این دولت دین ہرگز میسر نیاید و بے دین راہ حق رفتہ نشود و درین کار عزلت و خلوت باید تا بر دوام شغل میسر آید و خلل در کار رو نماید بیت

سخن باکس مگو الا ضرورت   خلل تا در نیفتد در حضورت

بعد ازان راہ حقیقت و معرفت است وآن سریست کہ در سینۂ عارفان ماند و خبر حق دہد۔ این است مطلوب در شریعت و طریقت کہ آن پوست است و این مغز است بیت

حقیقت راہ حق سر نہانست   درون جان و بیرون از جہانست

فصل

بدانکہ طالبان حق بر سہ قسم اند عباد اخیار۔ زہاد ابرار۔ عشاق شطار۔ بیان ہر یکے از ملتانے ماند۔ تا آنکہ عباد با وبسا لہا رسند زہاد باندک مدت بدین منزلت رسند و عشاق باندک تر ازان مدت بدان مرتبہ رسند ذٰلِكَ الْفَضْلُ بِيَدِ اللهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ۔ اما رمزے از شغل عشاق شطار در میان آمد کہ سیر ایشان آنست از ذات او ست بر خیز و از ریاضت بگریزد و کشف و کرامت بجوے نہ خود کہ العابدون محجوبون بعبادتهم والعاملون بعملهم والزاهدون بزهدهم واهل الكرامات بكراماتهم و عشاق برین منازل توقف روا ندارند و ازین منازل مترقی شوند و مقید بچیزے نگردند و پردہ و دودیدہ و زمرہ مجاباز رہا باز باشند از عبادت و زہد و تقوی و ریاضت احتراز کنند و زیرا کہ خون خورند و کم شوند و پیش از مرگ بمیرند و بحق رسند آنجا اکثر مدعیان سلوک و جہال صوفیہ راہ خطا کردہ اند و گمراہ گشتہ اند العياذ بالله من ذالك

رُوِیَ عَنِ السَّلَفِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اِنَّمَا حُرِمُوا الْوُصُوْلَ لِتَضْيِيْعِهِمُ الْاُصُوْلَ وَالْاُصُوْلُ رِعَايَةُ الشَّرِيْعَةِ وَالطَّرِيْقَةِ گفته‌اند تلاوت القرآن وَالْاِشْتِغَالُ بِالْعُلُوْمِ الشَّرْعِيَّةِ اُمُوْرٌ حَسَنَةٌ وَلٰكِنَّ شَانَ الطَّالِبِ شَانٌ اٰخَرُ۔ گفته اند که کار طالب حق بعد اداے فرائض و سنن رواتبه شغل باطن است نه بکثرت نوافل و اعمال جوارح که آن طریق زهاد است رباعی

ما را نه مرید ورد خوان می‌باید | نه زاهد حافظ قرآن می‌باید
صاحب درد و سوخته جان می‌باید | آتش زده بخانمان می‌باید۔

مذهب طائفه شطار التَّوَجُّهُ اِلَى اللّٰهِ وَالْاِعْرَاضُ عَمَّا سِوَى اللّٰهِ است و ورد ایشان اَللّٰهُ وَلَا سِوَاهُ ع الله بس است عاشقان را۔ این راه نیستی و پستی و برانداختن هستی و خودی است رباعی

